سرکاری رپورٹ

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## مباحثات 2021

سوموار ،20۔دسمبر 2021

(یوم الاثنین،15 جمادی الاوّل 1443ھ)

## سترہویں اسمبلی: اڑتیسواں اجلاس

جلد 38 : شمارہ 4

257

# ایجنڈا

# برائے اجلاس صوبائی اسمبلی پنجاب

## منعقدہ 20۔دسمبر 2021

تلاوت قرآن پاک و ترجمہ اور نعت رسول مقبول ﷺ

## سوالات

(محکمہ ہائر ایجوکیشن)

نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

## توجہ دلاؤ نوٹس

## سرکاری کارروائی

### مسودات قانون پر غور وخوض اور ان کی منظوری

1۔ مسودہ قانون غازی نیشنل انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ سائنسز،ڈیرہ غازی خان 2021
(مسودہ قانون نمبر 53 بابت 2021)

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون غازی نیشنل انسٹیٹیوٹ آف انجینئرنگ اینڈ سائنسز، ڈیرہ غازی خان 2021، جیسا کہ سٹینڈنگ کمیٹی برائے ہائر ایجوکیشن نے اس کے بارے میں سفارش کی ہے، فوری طور پر زیر غور لایا جائے۔

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون ساؤتھ پنجاب انسٹیٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، ڈیرہ غازی خان 2020 منظور کیا جائے۔

258

**2۔ مسودہ قانون لاہور انسٹیٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی،لاہور 2021(مسودہ قانون نمبر62بابت2021)**

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون لاہور انسٹیٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ،لاہور 2021،جیسا کہ سٹینڈنگ کمیٹی برائے ہائر ایجوکیشن نے اس کے بارے میں سفارش کی ہے، فوری طور پر زیر غور لایا جائے۔

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون لاہور انسٹیٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی،لاہور 2021 منظور کیا جائے۔

**3۔ مسودہ قانون گرینڈ ایشین یونیورسٹی،سیالکوٹ 2021(مسودہ قانون نمبر 74 بابت 2021)**

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون گرینڈ ایشین یونیورسٹی،سیالکوٹ 2021،جیسا کہ سٹینڈنگ کمیٹی برائے ہائر ایجوکیشن نے اس کے بارے میں سفارش کی ہے،فوری طور پر زیر غور لایا جائے۔

**ایک وزیر** یہ تحریک پیش کریں گے کہ مسودہ قانون گرینڈ ایشین یونیورسٹی،سیالکوٹ 2021 منظور کیا جائے۔

259

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## سترہویں اسمبلی کا اڑتیسواں اجلاس

سوموار،20۔دسمبر 2021

(یوم الاثنین،15۔جمادی الاوّل 1443ھ)

صوبائی اسمبلی پنجاب کا اجلاس اسمبلی چیمبرز لاہور میں سہ پہر 03 بج کر 11 منٹ پر زیر صدارت جناب سپیکر جناب پرویز الٰہی منعقد ہوا۔

تلاوت قرآن پاک و ترجمہ قاری رمضان قادر نے پیش کیا۔

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم o

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم O

أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى الْإِبِلِ
كَيْفَ خُلِقَتْ ﴿١٧﴾ وَإِلَى السَّمَاءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ﴿١٨﴾ وَإِلَى
الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿١٩﴾ وَإِلَى الْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿٢٠﴾
فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنتَ مُذَكِّرٌ ﴿٢١﴾ لَّسْتَ عَلَيْهِم بِمُصَيْطِرٍ ﴿٢٢﴾ إِلَّا
مَن تَوَلَّىٰ وَكَفَرَ ﴿٢٣﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ الْعَذَابَ الْأَكْبَرَ ﴿٢٤﴾ إِنَّ
إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُم ﴿٢٦﴾

سورۃ الغاشیہ، آیات نمبر 17 تا 26

تو کیا یہ لوگ اونٹوں کی طرف نہیں دیکھتے کے کیسے عجیب پیدا کئے گئے ہیں (17) اور آسمان کی طرف کہ کیسا بلند کیا گیا (18) اور پہاڑوں کی طرف کہ کس طرح کھڑے کئے گئے ہیں (19) اور زمین کی طرف کہ کس طرح بچھائی گئی (20) پس اے نبی ﷺ تم تو نصیحت کرتے رہو کہ تم نصیحت کرنے والے ہی ہو (21) تم ان پر داروغہ نہیں ہو (22) ہاں جس نے منہ پھیرا اور نہ مانا (23) تو اللہ اُس کو بہت بڑا عذاب دے گا (24) بے شک ان کو ہمارے ہی پاس لوٹ کر آنا ہے (25) پھر ہمارے ہی ذمے ان سے حساب لینا ہے (26)

وما علینا الا البلاغ o

نعت رسول مقبول ﷺ جناب سرور حسین نقشبندی نے پیش کی۔

## نعت رسول مقبول ﷺ

الھم صلے علی سیدنا محمد و علی آلہ وصاحبہ وسلم
لب کیا ہلے زمیں سے خلا تک پہنچ گیا
لے کر نبی کا نام خدا تک پہنچ گیا
جنت بھی مجھ کو آپ کے روضے پہ مل گئی
روز جزا سے قبل جزا تک پہنچ گیا
جب استوار ہوگئے رحمت سے رابطے
تو ہاتھ خود بہ خود ہی دعا تک پہنچ گیا

# سرکاری کارروائی

## مسودات قانون

(جوزیر غور لائے گئے)

## مسودہ قانون غازی نیشنل انسٹیٹیوٹ آف انجنیئرنگ اینڈ سائنسز، ڈیرہ غازی خان 2021

**جناب سپیکر:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔اب ہم وقفہ سوالات لے رہے ہیں لیکن اس سے پہلے یہ legislation کر لیں یہ مختصر ہے۔

Now, we take up the Ghazi National Institute of Engineering and Sciences, Dera Ghazi Khan Bill 2021. First reading starts. Minister for Law may move the motion for consideration of the Bill.

**MINISTER FOR LAW AND PARLIAMENTARY AFFAIRS/ COOPERATIVES (Mr Muhammad Basharat Raja):** Mr Speaker! I move:

> "That the Ghazi National Institute of Engineering and Sciences, Dera Ghazi Khan Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That the Ghazi National Institute of Engineering and Sciences, Dera Ghazi Khan Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once."

Since there is no amendment in it.

Now, the question is:

"That the Ghazi National Institute of Engineering and Sciences, Dera Ghazi Khan Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once."

(The motion was carried.)

**CLAUSES 3 to 30**

**MR SPEAKER:** Second reading starts. Now, we take up the Bill Clause by Clause. Now, Clauses 3 to 30 of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in these clauses, the question is:

"That Clauses 3 to 30 of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

**SCHEDULE, CLAUSE 2, CLAUSE 1, PREAMBLE AND LONG TITLE**

**MR SPEAKER:** Now, Schedule, Clause 2, Clause 1, The Preamble and The Long Title of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in them, the question is:

"That Schedule, Clause 2, Clause 1, The Preamble and The Long Title of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

**MR SPEAKER:** Third reading starts. Minister for Law!

**MINISTER FOR LAW AND PARLIAMENTARY AFFAIRS/ COOPERATIVES (Mr Muhammad Basharat Raja):** Mr Speaker! I move:

"That the Ghazi National Institute of Engineering and Sciences, Dera Ghazi Khan Bill 2021, be passed."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

"That the Ghazi National Institute of Engineering and Sciences, Dera Ghazi Khan Bill 2021, be passed."

Now, the question is:

"That the Ghazi National Institute of Engineering and Sciences, Dera Ghazi Khan Bill 2021, be passed."

(The motion was carried.)

(The Bill is passed.)

Applause!

## مسودہ قانون لاہور انسٹیٹیوٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور 2021

**MR SPEAKER:** Now, we take up the Lahore Institute of Science and Technology, Lahore Bill 2021. First reading starts. Minister for Law may move the motion for consideration of the Bill.

**MINISTER FOR LAW AND PARLIAMENTARY AFFAIRS/ COOPERATIVES (Mr Muhammad Basharat Raja):** Mr Speaker! I move:

"That the Lahore Institute of Science and Technology, Lahore Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That the Lahore Institute of Science and Technology, Lahore Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once." Since there is no amendment in it.

Now, the question is:

> "That the Lahore Institute of Science and Technology, Lahore Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once."

(The motion was carried.)

**CLAUSES 3 to 30**

**MR SPEAKER:** Second reading starts. Now, we take up the Bill Clause by Clause. Now, Clauses 3 to 30 of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in these clauses, the question is:

> "That Clauses 3 to 30 of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

**SCHEDULE, CLAUSE 2, CLAUSE 1, PREAMBLE AND LONG TITLE**

**MR SPEAKER:** Now, Schedule, Clause 2, Clause 1, The Preamble and The Long Title of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in them, the question is:

> "That Schedule, Clause 2, Clause 1, The Preamble and The Long Title of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

**MR SPEAKER:** Third reading starts. Minister for Law!

**MINISTER FOR LAW AND PARLIAMENTARY AFFAIRS/ COOPERATIVES (Mr Muhammad Basharat Raja):** Mr Speaker! I move:

> "That the Lahore Institute of Science and Technology, Lahore Bill 2021, be passed."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

> "That the Lahore Institute of Science and Technology, Lahore Bill 2021, be passed."

Now, the question is:

> "That the Lahore Institute of Science and Technology, Lahore Bill 2021, be passed."

(The motion was carried.)

(The Bill is passed.)

Applause!

## مسودہ قانون گرینڈ ایشین یونیورسٹی، سیالکوٹ 2021

**MR SPEAKER:** Now, we take up the Grand Asian University, Sialkot Bill 2021. First reading starts. Minister for Law may move the motion for consideration of the Bill.

**MINISTER FOR LAW AND PARLIAMENTARY AFFAIRES/ COOPERATIVES (Mr Muhammad Basharat Raja):** Mr Speaker! I move:

> "That the Grand Asian University, Sialkot Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

"That the Grand Asian University, Sialkot Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once."

Since there is no amendment in it.

Now, the question is:

"That the Grand Asian University, Sialkot Bill 2021, as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once."

(The motion was carried.)

**CLAUSES 3 to 30**

**MR SPEAKER:** Second reading starts. Now, we take up the Bill Clause by Clause. Now, Clauses 3 to 30 of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in these clauses, the question is:

"That Clauses 3 to 30 of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

**SCHEDULE, CLAUSE 2, CLAUSE 1, PREAMBLE AND LONG TITLE**

**MR SPEAKER:** Now, Schedule, Clause 2, Clause 1, The Preamble and The Long Title of the Bill are under consideration. Since there is no amendment in them, the question is:

"That Schedule, Clause 2, Clause 1, The Preamble and The Long Title of the Bill, do stand part of the Bill."

(The motion was carried.)

**MR SPEAKER:** Third reading starts. Minister for Law!

**MINISTER FOR LAW AND PARLIAMENTARY AFFAIRS/ COOPERATIVES (Mr. Muhammad Basharat Raja):** Mr Speaker! I move:

"That the Grand Asian University, Sialkot Bill 2021, be passed."

**MR SPEAKER:** The motion moved is:

"That the Grand Asian University, Sialkot Bill 2021, be passed."

Now, the question is:

"That the Grand Asian University, Sialkot Bill 2021, be passed."

(The motion was carried.)

(The Bill is passed.)

Applause!

## سوالات

## (محکمہ ہائر ایجوکیشن)

## نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

**جناب سپیکر:** آج کے ایجنڈے پر محکمہ ہائر ایجوکیشن سے متعلق سوالات پوچھے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔ پہلا سوال چودھری اختر علی کا ہے سوال نمبر بولیں۔

**چودھری اختر علی:** میرا سوال نمبر 6843 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب سپیکر:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## لاہور: پی پی۔ 154 اور 155 میں بوائز و گرلز کالجز کی تعداد
## اور خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

***6843: چودھری اختر علی:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) پی پی۔154 اور 155 لاہور میں کتنے کالجز (بوائز و گرلز) کہاں کہاں ہیں؟

(ب) ان کے لئے سال 21-2020 میں کتنی رقم مختص کی گئی ہے تفصیل کالج وائز بتائیں؟

(ج) ان کالجوں میں کتنے ملازمین کس کس عہدہ و گریڈ میں کام کر رہے ہیں تفصیل علیٰحدہ علیٰحدہ کالج وائز بتائیں؟

(د) ان کالجوں میں کون کون سی اسامیاں کب سے خالی ہیں اور ان کو پُر نہ کرنے کی وجوہات کیا ہیں؟

(ہ) ان کالجوں کی بلڈنگ کی تفصیل علیٰحدہ علیٰحدہ بتائیں کتنی بلڈنگ ناقص اور ناقابل استعمال ہے لیبز کی تفصیل مع سہولیات بتائیں؟

(و) ان کالجوں میں زیر تعلیم طالب علموں کی تفصیل فراہم فرمائیں ان کے لئے جو سہولیات میسر ہیں ان کی تفصیل دی جائے؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) **پی پی-154**

1۔ گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین باغبانپورہ۔

2۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس باغبانپور۔

**پی پی-155**

**گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین رکھ چھبیل مناواں لاہور۔**

(ب) (1) گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین باغبانپور لاہور کو سال 21-2020 میں 129.572 ملین روپے فراہم کئے گئے۔

(2) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس باغبانپورہ لاہور کو سال 21-2020 میں 18.896 ملین روپے فراہم کئے گئے۔

(3) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین رکھ چھبیل مناواں لاہور کوسال 2020-21 میں مبلغ 22.139ملین روپے فراہم کئے گئے۔

(ج) **(1) گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین باغبانپورہ لاہور۔**

**تفصیل** (1) سینئر برسر سکیل 17 (2) سپرٹینڈنٹ سکیل 17 (3) ہیڈ کلرک سکیل 16(4) سینئر کلرک سکیل 14 (5) لیکچرار سپروائزر سکیل 14 (6)۲ سینئر لیکچرار اسسٹنٹ سکیل 10 (7) کیئر ٹیکر سکیل 10 (8)٦لیبارٹری اٹینڈنٹ سکیل 1 (9) ۲نائب قاصد سکیل 1 (10)۲مالی سکیل 1 (11) واٹر مین سکیل 1 (12) بلاوی سکیل 1(13)۲چوکیدار سکیل 1 (14) سویپر سکیل 1

**(2) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس باغبانپورہ۔**

**تفصیل**۔(2) چیف انسٹرکٹر سکیل 19 میں ہیں 03 سینئر انسٹرکٹر 8 سکیل 18

نان ٹیچنگ سٹاف میں کل 13 ملازمین کام کر رہے ہیں

**تفصیل درج ذیل ہیں:-**

01لائبریرین سکیل 17

ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن سکیل 17

01ہیڈ کلرک سکیل 16 ،01 سینئر کلرک سکیل 14،02 جونیئر کلرک سکیل 11،

02مالی سکیل 1

01مشین اٹینڈنٹ سکیل 5،2چوکیدار سکیل 02,1 سویپر سکیل 1

**(3) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین رکھ چھبیل مناواں لاہور۔**

**تفصیل**۔08اسسٹنٹ پروفیسر سکیل 18،11 لیکچرار سکیل 17،1ہیڈ کلرک سکیل 1،16 سینئر کلرک سکیل 14، 01جونیئر کلرک سکیل 11، 1کیئر ٹیکر سکیل 9، 06 سینئر لیکچرار اسسٹنٹ سکیل 7،کلاس فور 14، سکیل 01

(د) گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین باغبانپورہ لاہور ٹوٹل خالی اسامیوں کی تعداد 11ہیں۔

**تفصیل** 2جونیئر کلرک بوجہ ٹرانسفر 2لیکچرار اسسٹنٹ 1بوجہ ٹرانسفر 1بوجہ ریٹائرمنٹ 1سینٹری سپروائزر دوسرے محکمہ بورڈ آفس چلا گیا ہے۔

1لائبریری کلرک بوجہ ٹرانسفر 2لائبریری اٹینڈنٹ بوجہ ٹرانسفر 2ڈرائیور 1بوجہ ٹرانسفر 1بوجہ ریٹائرمنٹ 1چوکیدار بوجہ ریٹائرمنٹ۔

(2) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس باغبانپور لاہور میں ٹیچنگ سٹاف کی کل 05اسامیاں خالی ہیں 01پرنسپل سکیل20، 01چیف انسٹرکٹر سکیل19، 02سینئر انسٹرکٹر سکیل 18، 01 انسٹرکٹر سکیل17۔

(3) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین رکھ چھبیل مناواں لاہور۔

02ایسوسی ایٹ پروفیسر سکیل19، 01لائبریرین سکیل17، 01سینئر کلرک سکیل14، 01جونیئر کلرک سکیل11، 01لائبریری کلرک 05/لیکچرار اسسٹنٹ سکیل 7، 01مالی سکیل1، 01چوکیدار سکیل1۔

(ہ) **(1) گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین باغبانپورہ لاہور۔**

کالج میں ایف اے۔ ایف ایس سی۔ بی اے۔ بی ایس سی اور چار سالہ بی ایس کروایا جاتا ہے۔ کالج کا رقبہ 33کنال 9مرلہ ہے بلڈنگ تسلی بخش ہے تمام لیبارٹریاں ورکنگ میں ہیں بچوں کو پریکٹیکل کی بہتر سہولیات دی جاتی ہیں۔

**(2) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس باغبانپورہ لاہور۔**

کالج کا رقبہ 46کنال ہے بلڈنگ تسلی بخش ہے 01کمپیوٹر لیب ورکنگ میں ہے بلڈنگ کرایہ پر ہے۔

**(3) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین رکھ چھبیل مناواں لاہور۔**

06لیبارٹریاں ہیں بلڈنگ تسلی بخش ہے۔

(و) **(1) گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین باغبانپورہ لاہور۔**

کالج میں ایف اے۔ ایف ایس سی۔ بی اے۔ بی ایس سی اور چار سالہ بی ایس کروایا جاتا ہے۔ تعداد طالبات 1434:

میسر سہولیات: کلاس روم 28عدد، ملٹی پرپز ہال 01عدد، لیبارٹریز 06عدد، لائبریری 01عدد، کنٹین 01عدد اور بسیں 02عدد۔

**(2) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج آف کامرس باغبانپورہ لاہور۔**

طالبات کی تعداد 170

میسر سہولیات: کلاس روم 06عدد، ہال 01عدد، کمپیوٹر لیب 01عدد، لائبریری 01عدد۔

**(3) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین رکھ چھبیل مناواں لاہور۔**

طالبات کی تعداد 979

میسر سہولیات: کلاس روم 12عدد، لیبارٹریز 07عدد، لائبریری 01عدد اور کنٹین 01عدد۔

**جناب سپیکر:** کوئی ضمنی سوال ہے؟

**چودھری اختر علی:** جناب سپیکر! میرا موجودہ سوال 5۔مئی 2021 کے ایجنڈے پر بھی تھا اور آپ نے اس سوال کو میری request پر اس دن کے جوابات کی بناء پر pending فرمایا تھا۔ میرے حلقے کے ایک گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین باغبانپورہ 21-2020 کا بجٹ زیرو بتایا گیا تھا اور آج کے جواب میں انہوں نے لکھا ہے کہ گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین باغبانپور لاہور کو سال 21-2020 میں 129.572 ملین روپے فراہم کئے گئے۔ میرا ضمنی سوال یہ ہے اگر آج کا جواب ٹھیک ہے تو وہ جواب جو کہ غلط دیا گیا اس پر کتنے لوگوں کے خلاف انکوائری کر کے ذمہ داران کو punish کیا گیا؟

**جناب سپیکر:** جی، منسٹر صاحب!

**وزیر ہائر ایجوکیشن (جناب یاسر ہمایوں):** جناب سپیکر! جو سوال آپ کے حکم پر pending کیا گیا تھا اس پر میں نے بھی agree کیا تھا کہ اس سوال کو pending فرما دیں کیونکہ اس کی وجہ یہ تھی کہ ڈیپارٹمنٹ کو اس حوالے سے تھوڑی غلط فہمی تھی۔ انہوں نے development budget or non-development budget کی figures میں فرق نہیں کیا۔ یہ جو بجٹ دیا

گیا یہ non-development budget ہے۔ اس وقت محکمہ نے یہ assume کیا کہ شاید یہ ADP سے متعلق سوال پوچھ رہے ہیں اس وجہ سے انہوں نے اس کا بجٹ زیرو لکھ دیا تھا کیونکہ اُس وقت معزز ممبر واقعی ٹھیک کہہ رہے تھے اور ان کا اعتراض درست تھا لہٰذا ہم نے پھر اس سوال کو pending کر دیا تھا لیکن اب محکمہ actual budget لکھ کر لے آیا ہے۔

**جناب سپیکر:** جی، چودھری صاحب!

**چودھری اختر علی:** جناب سپیکر! میرا تو منسٹر صاحب سے بہت ہی سادہ سا سوال ہے کہ ہمارا ہاؤس ایک سپریم ادارہ ہے اس پارلیمنٹ میں اگر کوئی سیدھے سوال کا اُلٹا جواب دے تو اس پر کیا کوئی انکوائری نہیں بٹھائی جا سکتی کہ اس وقت انہوں نے جواب میں زیرو بجٹ کیوں لکھا اور آج 129 ملین کا بجٹ انہوں نے show کر دیا ہے آیا اس پر کوئی تو ایسا ایکشن ہونا چاہئے تاکہ منسٹر صاحب اس ڈیپارٹمنٹ کے جو ذمہ دار لوگ ہیں ان کو punish کریں، اس پر انکوائری بٹھائیں اور پتا کریں کہ یہ کیوں negligence ہوئی، کیوں اس کو drafting پر بھیجا گیا؟

**جناب سپیکر:** جی، منسٹر صاحب!

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب سپیکر! میں نے اس پر محکمے کے خلاف نوٹس لیا تھا لیکن ظاہر ہے کہ انہوں نے اپنی غلطی admit کی کہ ہم نے ADP کا بجٹ سمجھ کر لکھ دیا تھا تو غلطی انسان سے ہو جاتی ہے لہٰذا انہوں نے اس پر apologise کیا اور اپنی غلطی کو ٹھیک کر لیا۔ اگر آپ حکم کریں گے تو جو سزا قانون کے مطابق possible ہے وہ دی جا سکتی ہے۔

**چودھری اختر علی:** جناب سپیکر! میرے لئے منسٹر صاحب قابل احترام ہیں لہٰذا ان کا apologise کر لینا ہی میرے لئے کافی ہے۔ میرا دوسرا ضمنی سوال یہ ہے کہ میرے حلقے میں ایک گورنمنٹ کالج آف کامرس برائے طالبات ہے اور اس میں 170 طالبات زیر تعلیم ہیں۔ یہ کالج 46 کنال کی بلڈنگ میں بنایا گیا ہے اور بلڈنگ کرایہ پر ہے کیا وزیر موصوف یہ بتا سکتے ہیں کہ اس بلڈنگ کا کتنا کرایہ ہے کیونکہ 170 طالبات اس کالج میں زیر تعلیم ہیں اور 46 کنال محیط رقبے پر یہ بلڈنگ بنائی گئی ہے تو مجھے یہ بتائیں کہ گورنمنٹ آف پنجاب اس بلڈنگ کا کتنا کرایہ ادا کر رہی ہے؟

**وزیر ہائرایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب سپیکر! Obviously on the top of my head مجھے کرائے کے بارے میں علم نہیں ہے۔ یہ نیا سوال کر لیں نہیں تو personally میں ان کو کرایہ پتا کر کے بتا دیتا ہوں۔

**جناب سپیکر:** چودھری صاحب! ایسے فوری طور پر کوئی غلط information تو نہیں دی جاسکتی یا تو اس سوال کو pending کر دیتے ہیں یا پھر آپ اس پر نیا سوال دے دیں۔

**وزیر ہائرایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب سپیکر! یہ نیا سوال ہی بنتا ہے کیونکہ یہ new fact پوچھ رہے ہیں۔ اگر انہوں نے سوال میں کرایہ پوچھا ہوتا تو میں ان کو ضرور جواب دے دیتا۔ اگر یہ privately کرایہ جاننا چاہتے ہیں تو میں ان کو ابھی اسمبلی اجلاس کے بعد پتا کر کے بتا دیتا ہوں باقی جیسا آپ مناسب سمجھیں۔

**جناب سپیکر:** چودھری صاحب! میرے خیال میں منسٹر صاحب ویسے ہی کرایہ پتا کر کے آپ کو inform کر دیتے ہیں۔

**چودھری اختر علی:** جناب سپیکر! میرے خیال میں آپ بہت جہاں دیدہ ہیں یہ 46 کنال پر محیط بلڈنگ ہے اور اس میں 170 طالبات زیر تعلیم ہیں تو میرا حق بنتا ہے کہ میں ان سے پوچھوں کہ اس بلڈنگ کا کرایہ کیا ہے اور کیا یہ آئندہ اس کالج کو کسی گورنمنٹ بلڈنگ میں shift کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں؟

**جناب سپیکر:** پوچھنا آپ کا right ہے لیکن اس پر آپ کا سوال نہیں بنتا۔ سوال یہ ہے کہ یہ information آپ تک صحیح جانی چاہئے لیکن اس کے لئے ٹائم درکار ہے۔

**چودھری اختر علی:** جناب سپیکر! میری استدعا ہے کہ آپ اس سوال کو pending فرما دیں۔

**جناب سپیکر:** جی، یہ سوال pending کیا جاتا ہے، منسٹر صاحب! جب آپ کے پاس اس کی information آجائے تو معزز ممبر کو بتا دینا۔

**وزیر ہائرایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جی، ٹھیک ہے۔

**جناب سپیکر:** اگلا سوال محترمہ رابعہ نسیم فاروقی کا ہے۔۔۔ محترمہ موجود نہیں ہیں لہٰذا اس سوال نمبر 5917 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال جناب ممتاز علی کا ہے۔۔۔ لیکن معزز ممبر موجود نہیں ہیں لہٰذا اس سوال نمبر 6307 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال جناب محمد طاہر پرویز کا ہے ۔

**جناب محمد کاظم پیرزادہ:** جناب سپیکر! یہ میرا سوال تھا اور میں ایوان میں موجود ہوں۔

**جناب سپیکر:** پھر آپ ذرا توجہ کریں۔

**جناب محمد کاظم پیرزادہ:** جناب سپیکر! میرا سوال نمبر 7665 ہے۔

**جناب سپیکر:** آپ نے کون سا سوال پڑھا ہے؟

**جناب محمد کاظم پیرزادہ:** جناب سپیکر! میں نے سوال نمبر 7665 کا کہا ہے۔

**جناب سپیکر:** میں نے جناب ممتاز علی کا نام لیا تھا اور ان کا سوال نمبر 6307 ہے اور یہ آپ کا سوال نہیں ہے، ابھی آپ تشریف رکھیں جب آپ کا سوال آئے گا تو پھر بات کرنا۔ اگلا سوال جناب محمد طاہر پرویز کا ہے لیکن ان کی طرف سے سوال pending کرنے کی درخواست آئی ہے لہٰذا ان کا یہ سوال pending کیا جاتا ہے۔

**(اذان عصر)**

**جناب سپیکر:** اگلا سوال بھی جناب محمد طاہر پرویز کا ہے۔۔۔ لیکن معزز ممبر موجود نہیں ہیں لہٰذا اس سوال نمبر 6872 کو pending کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال جناب محمد معظم شیر کا ہے۔

**جناب محمد معظم شیر:** جناب سپیکر! میرا سوال نمبر 7283 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب سپیکر:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## خوشاب: پی پی۔84 ایم سی مٹھہ ٹوانہ اور ملحقہ آبادیوں میں بوائز و گرلز کالج کی عدم موجودگی سے متعلقہ تفصیلات

*7283: **جناب محمد معظم شیر:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ PP-84 خوشاب ایم سی مٹھہ ٹوانا اوراس کے ملحقہ آبادیاں بوتالہ، بجار، پنجہ اور 14 ایم بی شامل ہیں میں لڑکوں اور لڑکیوں کا کوئی کالج نہ ہے؟

(ب) کیا حکومت ایم سی مٹھہ ٹوانہ اور ملحقہ آبادیاں جن کی آبادی تقریباً ڈیڑھ لاکھ ہے میں لڑکوں اور لڑکیوں کا کالج بنانے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(ج) کیا حکومت مالی سال 22۔2021 کے بجٹ میں ان آبادیوں میں کالجز بنانے کے لئے فنڈ مختص کرے گی اگر ہاں تو اس کی تفصیل فراہم فرمائیں تو کب تک؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) پی پی-84 خوشاب ایم سی مٹھہ ٹوانہ اور اس کے ملحقہ آبادیوں میں لڑکوں کا کوئی کالج نہ ہے۔ جبکہ ADP-2021-22 میں Gr. Sr. No. 302 کے تحت لڑکیوں کا گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین مٹھہ ٹوآنہ خوشاب بنانے کی سکیم شامل کی گئی ہے۔

(ب) حکومت ایم سی مٹھہ ٹوانہ اور ملحقہ آبادیوں کے لئے لڑکیوں کے کالج کی منظوری دے چکی ہے۔ اور اس کا PC-1 برائے منظوری کمشنر دفتر بھیج دیا گیا جو کہ مورخہ 19.07.2021 کو approve کر دیا گیا۔

(ج) جی ہاں! حکومت نے مالی سال 22-2021 کے بجٹ میں لڑکیوں کے کالج کے لئے 140.000 ملین کی رقم مختص کی ہوئی ہے اور اس کا (PC-1) برائے منظوری کمشنر دفتر بھیج دیا گیا ہے۔ جو کہ مورخہ 19.07.2021 کو approve کر دیا گیا ہے۔ اس پر کام جلد ہی شروع کر دیا جائے گا۔

**جناب سپیکر**: کوئی ضمنی سوال ہے؟

**جناب محمد معظم شیر**: جناب سپیکر! اس سوال کے ذریعے لڑکوں اور لڑکیوں کے دو کالجز کی بات تھی مٹھہ ٹوانہ ڈیڑھ لاکھ کی آبادی پر مشتمل میونسپل کارپوریشن ہے یہ بہت بڑا علاقہ ہے اور اس کے آس پاس بھی بڑی یونین کونسلز ہیں۔ محکمہ لڑکوں کے کالج کے حوالے سے کہہ رہا ہے کہ ہمارا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ حالانکہ ادھر کالج نہ ہونے کی وجہ سے یہاں کے نوجوان بچے اپنی ایجوکیشن کو آگے progress نہیں کر سکتے لیکن ان کے لئے محکمے کا جواب ہے کہ ہمارا کوئی ارادہ نہیں ہے۔

جہاں تک لڑکیوں کے کالج کی بات ہے اس سلسلے میں کہہ رہے ہیں کہ PC-I ساتویں مہینے میں منظور ہو چکا ہے لیکن حقائق یہ ہیں کہ وہاں پر زمین کی کوئی acquisition نہیں ہوئی، کوئی زمین نہیں خریدی گئی۔ایک زمین کی نشاندہی کی گئی اس کا بھی کبھی اعلان ہوتا ہے کہ یہاں سپورٹس سٹیڈیم بنے گا، کبھی اعلان ہوتا ہے کہ یہاں بچیوں کا کالج بنے گا۔میری عرض یہ ہے کہ جس زمین کی نشاندہی ہوئی ہے وہ سیلابی نالے کا راستہ ہے اگر دیکھا جائے تو اس کے PC-I منظور ہونے کے بعد ٹیکنیکلی ابھی تک اس میں کوئی progress نہیں ہوئی۔وہاں کی بچیاں ایجوکیشن کے حصول کے معاملے میں تکلیف میں مبتلا ہیں انہیں جوہر آباد اور سرگودھا جا کر ہوسٹلوں میں دھکے کھانے پڑتے ہیں۔اگر انہوں نے وہاں بچیوں کے کالج کا اعلان کیا ہے تو وہ ابھی تک اعلان کی حد تک ہی ہے لیکن اس پر کوئی practically steps نہیں لئے گئے۔میری صرف یہی گزارش ہے کہ PC-I منظور ہوئے تو چھ ماہ ہو گئے ہیں لیکن وہاں ابھی تک زمین کی acquisition تک نہیں ہوئی تو یہاں کی بچیاں کہاں جائیں؟ وہ بچیاں تعلیم چھوڑ دیتی ہیں یا پھر ہوسٹلوں میں دھکے کھاتی ہیں، مٹھہ ٹوانہ سے سرگودھا کا تین سے چار گھنٹے کا سفر ہے۔

**جناب سپیکر:** جی، منسٹر صاحب!

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب سپیکر! معزز ممبر درست کہہ رہے ہیں، obviously خواتین کا حق بنتا ہے کہ انہیں access ملے۔گزشتہ دور میں بھی بہت سارے کالجز کی بلڈنگز مکمل ہو گئی تھیں لیکن دور دراز علاقوں میں ٹیچرز کی تعیناتی سب سے بڑا مسئلہ ہوتا ہے، پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے ٹیچرز آتے ہیں ہم نے پانچ ہزار ٹیچرز بھرتی کرنے کے لئے گزشتہ دو سال سے درخواست دی ہوئی ہے لیکن وہ بھرتی ابھی تک مکمل نہیں ہو سکی۔جب یہ ٹیچرز بھرتی ہوتے ہیں تو پھر ان کی خواہش ہوتی ہے کہ یہ لاہور، فیصل آباد یا راولپنڈی میں رہیں اور مٹھہ ٹوانہ نہ جائیں اور یہ ہر حلقے میں مسئلہ ہے اس لئے اصل میں point یہ ہے کہ صرف خالی بلڈنگز بنانے کا قطعاً کوئی فائدہ نہیں ہے۔معزز ممبر جس بلڈنگ کی بات کر رہے ہیں obviously یہ PC-I میں آ چکی ہے اور یہ بنے گی، اس میں بورڈ آف ریونیو کے ساتھ کچھ issue تھا جسے ہم نے last week میں نے take up کیا ہوا ہے، میرا خیال ہے کہ یہ issue بھی sort out ہو گیا ہو گا

اس کا noticeلیا تھا اس کے علاوہ اور بھی بہت سارے کالجز تھے جن کا کام شروع نہیں ہو سکا۔ چونکہ SMBR کے والد صاحب فوت ہو گئے تھے اب وہ واپس آ گئے ہیں اگر یہ issue بورڈ آف ریونیو والا ہے تو hopefully within few days it will be sortedاور اس پر C&W کام شروع کر دے گا۔

**جناب سپیکر:** معظم شیر صاحب! منسٹر صاحب within few days کا کہہ رہے ہیں۔

**جناب محمد معظم شیر:** جناب سپیکر! میں ایک چھوٹا سا ضمنی سوال کرنا چاہتا ہوں۔

**جناب سپیکر:** جی، فرمائیں!

**جناب محمد معظم شیر:** جناب سپیکر! میرے معزز وزیر نے فرمایا ہے کہ ٹیچرز مٹھہ ٹوانہ نہیں جانا چاہتے۔ وہاں ایسا کیا مسئلہ ہے؟ وہ تو ایک historical city ہے۔ کیا مسئلہ ہے کہ ٹیچرز وہاں نہیں جانا چاہتے اور باقی سارے پنجاب میں چلے جاتے ہیں؟ ایسا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ آپ بتائیں کہ اسے کب تک مکمل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اور جیسے باقی پنجاب میں ٹیچرز چلے جاتے ہیں وہاں بھی جائیں گے۔ مٹھہ ٹوانہ ایک بہت بڑا historical علاقہ ہے اور خوشاب کا سنٹر اور دل ہے لہٰذا ایسا کوئی مسئلہ نہیں ہے، انشاء اللہ وہاں پر ٹیچرز آ جائیں گے۔

**جناب سپیکر:** ٹھیک ہے۔ جی، منسٹر صاحب!

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب سپیکر! میں نے قطعاً یہ نہیں کہا کہ ٹیچرز specifically مٹھہ ٹوانہ نہیں جانا چاہتے میں نے تو صرف یہ عرض کی تھی کہ چھوٹے شہروں میں جن میں چکوال کے بھی بہت سارے چھوٹے شہر ہیں جہاں عام طور پر ٹیچرز جانے سے reluctant ہوتے ہیں اور نہیں جاتے۔ بہت ساری شکایات آتی ہیں کہ ان کی گورنمنٹ میں تلہ گنگ میں کالج بن گیا لیکن وہاں پر کوئی بھی جانے کو تیار نہیں ہے اور یہ general issue ہے not specific to one college بہر حال جس طرح میں نے پہلے کہا انشاء اللہ کالج بنے گا اور ہم کوشش کر رہے ہیں کہ پبلک سروس کمیشن اپنا طریق کار تبدیل کرے اور ضلع وار hiring کرے جیسے آپ نے سکولز میں کیا تھا۔ ہم اس پر کام کر رہے ہیں اگر کیبنٹ سے اس کی منظوری ہو جاتی ہے تو میرا خیال ہے اس کا best solution یہی ہو گا۔ شکریہ

(اس مرحلہ پر جناب چیئر مین میاں شفیع محمد کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

**جناب چیئر مین:** اگلا سوال محترمہ شمیم آفتاب کا ہے۔جی، محترمہ!

**محترمہ شمیم آفتاب:** جناب چیئر مین! میرا سوال نمبر 7306 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئر مین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## سرگودھا: گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کوٹ مومن میں تدریسی عملہ اور خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

***7306: محترمہ شمیم آفتاب:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کوٹ مومن ضلع سرگودھا میں تدریسی عملہ کی تعداد کتنی ہے؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ کالج ہذا میں عملے کی اسامیاں خالی پڑی ہوئی ہیں؟

(ج) کالج میں درجہ چہارم کی اسامیوں کی تعداد کتنی ہے؟

(د) کیا یہ درست ہے کہ درجہ چہارم کے ملازمین کالج میں ڈیوٹی دینے کی بجائے بااثر افراد کے ڈیروں پر ڈیوٹی دے رہے ہیں۔ اس بابت حکومت کیا اقدامات اٹھا رہی ہے؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کوٹ مومن ضلع سرگودہا میں تدریسی عملہ کی تعداد:۔

| منظور شدہ اسامیاں | پُر شدہ اسامیاں | خالی اسامیاں |
|---|---|---|
| 22 | 11 | 11 |

(ب) تدریسی عملہ کی اسامیوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| منظور شدہ اسامیاں | پُر شدہ اسامیاں | خالی اسامیاں |
|---|---|---|
| 22 | 11 | 11 |

(ج) کالج میں درجہ چہارم کی اسامیوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| منظور شدہ اسامیاں | پُر شدہ اسامیاں | خالی اسامیاں |
|---|---|---|
| 17 | 17 | 00 |

(د) جی، یہ درست نہیں: تمام درجہ چہارم کے ملازمین کالج میں باقاعدہ حاضری دیتے ہیں اور اپنی ڈیوٹی احسن طریقے سے ادا کر رہے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** کوئی ضمنی سوال ہے؟

**محترمہ شمیم آفتاب:** جناب چیئرمین! گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کوٹ مومن میں ایک عرصہ سے بہت سی اسامیاں خالی ہیں۔ یہاں پر ہزاروں کی تعداد میں طالب علم ہیں اور اساتذہ نہ ہونے کی وجہ سے انہیں سرگودھا شہر کے کالجوں اور یونیورسٹی میں جانا پڑتا ہے۔ میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ یہ اسامیاں پچھلے تین سال سے کیوں fill نہیں کی جا رہیں اور کب تک fill ہو جائیں گی؟

**جناب چیئرمین:** جی، وزیر ہائر ایجوکیشن!

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب چیئرمین! معزز ممبر کا سوال بہت valid ہے۔ ابھی میں نے گزشتہ سوال کے جواب میں بھی عرض کیا ہے کہ یہ بھرتیاں محکمہ ہائر ایجوکیشن نہیں بلکہ پنجاب پبلک سروس کمیشن کرتا ہے۔ ہم نے دو سال پہلے پنجاب پبلک سروس کمیشن کو پانچ ہزار خالی اسامیوں پر بھرتی کے لئے requisition بھجوائی ہوئی ہے لیکن ابھی تک صرف 1376 اساتذہ بھرتی کئے گئے ہیں۔ ہم نے وزیر اعلیٰ صاحب کے ذریعے پنجاب پبلک سروس کمیشن کو ایک reminder بھجوایا تھا کہ مہربانی کر کے بھرتیوں کا process تیز کریں جس کا جواب آ گیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ گزشتہ سال کورونا کی وجہ سے ٹیسٹ اور انٹرویو نہیں کئے اور اس سال وہ بھرتی کا process تیزی سے مکمل کریں گے۔ انہوں نے ہم سے وعدہ کیا ہے کہ اس تعلیمی سال کے آخر تک ان پانچ ہزار اساتذہ کی تعیناتیاں ہو جائیں گی۔ محکمہ ہائر ایجوکیشن میں کل 9 ہزار اساتذہ کی اسامیاں خالی ہیں۔

**محترمہ شمیم آفتاب:** جناب چیئرمین! میں نے اپنے سوال کے جز (د) میں پوچھا تھا کہ کیا یہ درست ہے کہ درجہ چہارم کے ملازمین کالج میں ڈیوٹی دینے کی بجائے بااثر افراد کے ڈیروں پر ڈیوٹی دے رہے ہیں۔ اس کے جواب میں کہا گیا ہے کہ یہ غلط ہے۔ میری بات غلط نہیں بلکہ ٹھیک ہے۔ جب

میں نے یہ سوال جمع کروایا تو اس کے بعد یہ ملازم اس ڈیرے سے واپس آئے ہیں۔ یہ مالی تھا اور اب وہ کالج میں کام کر رہا ہے۔ محکمہ کی طرف سے میرے سوال کا غلط جواب دیا گیا ہے۔

**وزیر ہائر ایجوکیشن (جناب یاسر ہمایوں):** جناب چیئرمین! یہ لوکل کالج ہے اور obviously انہوں نے غلط کہا ہو گا۔ محترمہ اگر specifically شکایت کر دیتیں کہ یہ ملازم کالج کی بجائے فلاں شخص کے ڈیرے پر کام کر رہا ہے تو زیادہ آسانی ہو جاتی اور ہم اس کے خلاف باقاعدہ ایکشن لے لیتے۔ جب محکمہ سوال بھیجتا ہے تو وہ alert ہو جاتے ہیں۔ جس طرح محترمہ شمیم آفتاب فرما رہی ہیں کہ اب وہ واپس اپنی ڈیوٹی پر آ گیا ہے۔ معزز ممبر نے ایک چیز کو point out کیا ہے تو probably ایسا ہی ہو گا لیکن بہتر تھا کہ معزز رکن اس کے خلاف specifically ایک درخواست دے دیتیں تاکہ ہم اس بابت انکوائری کر لیتے اور اس کے خلاف ایکشن لے لیتے۔

**محترمہ شمیم آفتاب:** جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔

**جناب چیئرمین:** جی، مہربانی۔ اگلا سوال محترمہ شازیہ عابد کا ہے۔۔۔ وہ موجود نہیں ہیں تو اس سوال نمبر 7345 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال محترمہ نسرین طارق کا ہے۔

**آغا علی حیدر:** جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آڈر۔ میں ایک بہت ہی اہم بات کرنی چاہتا ہوں۔

**جناب چیئرمین:** No Point of order آغا علی حیدر! تشریف رکھیں۔ وقفہ سوالات کے بعد آپ کو بات کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ اگلا سوال محترمہ نسرین طارق کا ہے۔

**محترمہ نسرین طارق:** جناب چیئرمین! میرا سوال نمبر 7555 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## صوبہ میں خواتین کے لئے سائنس اور ٹیکنالوجی کی تعلیم سے آراستہ یونیورسٹیوں کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

*7555: **محترمہ نسرین طارق:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

اس وقت صوبہ کے کون کون سے شہروں میں خواتین کے لئے علیحٰدہ یونیورسٹیاں قائم ہیں نیز مذکورہ یونیورسٹیوں میں سائنس اور ٹیکنالوجی کی تعلیم کے لئے علیحٰدہ شعبے موجود ہیں اگر ہاں تو ایسی یونیورسٹیوں کی علیحٰدہ تفصیلات فراہم کی جائیں؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

اس وقت صوبے کے جن شہروں میں خواتین کے لئے علیحٰدہ یونیورسٹیاں قائم ہیں۔ ان کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ نیز مذکورہ یونیورسٹیوں میں سائنس اور ٹیکنالوجی کی تعلیم کے لئے جو علیحٰدہ شعبے موجود ہیں ان کی تفصیلات ضمیمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہیں۔

**جناب چیئرمین:** کوئی ضمنی سوال ہے؟

**محترمہ نسرین طارق:** جناب چیئرمین! میرے سوال کے جواب میں مجھے جو تفصیل مہیا کی گئی ہے اس میں بتایا گیا ہے کہ پورے پنجاب میں خواتین کے لئے آٹھ یونیورسٹیاں ہیں۔ آپ سب کو علم ہے کہ صوبہ پنجاب کے 36 اضلاع ہیں۔ میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ کیا یہ آٹھ یونیورسٹیاں کم نہیں ہیں اور کیا حکومت وومن یونیورسٹیوں کی تعداد میں اضافہ کرنے کا کوئی ارادہ رکھتی ہے؟

**جناب چیئرمین:** جی، وزیر ہائر ایجوکیشن!

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب چیئرمین! معزز رکن بالکل ٹھیک کہہ رہی ہیں کہ یونیورسٹیوں کی تعداد بڑھانا از حد ضروری ہے لیکن co-education والی یونیورسٹیوں میں بھی خواتین کی تعداد زیادہ ہوتی ہے۔ یہ آٹھ یونیورسٹیاں تو وہ ہیں جو کہ صرف خواتین کے لئے مخصوص ہیں۔ اب ہم ڈیرہ غازی خان اور راولپنڈی میں ایک ایک یونیورسٹی بنا رہے ہیں۔ وسائل میسر ہونے کے ساتھ ساتھ یونیورسٹیوں کی تعداد لازمی طور پر بڑھائی جائے گی۔ ہمارے دور حکومت میں کافی یونیورسٹیاں بن رہی ہیں اور حکومت مزید یونیورسٹیاں بنانے کا ارادہ رکھتی ہے لیکن resources مہیا ہونے کی بناء پر ہی ایسا ممکن ہو سکے گا۔

**محترمہ نسرین طارق:** جناب چیئرمین! وزیر ہائر ایجوکیشن نے بہت حوصلہ افزاء بات کی ہے۔ میں ساؤتھ پنجاب کے حوالے سے بات کروں گی کہ وہاں پر صرف دو یونیورسٹیاں ہیں۔ صوبے میں

عورتوں کی تعداد 52 فیصد کے قریب ہے جبکہ ان کے لئے یونیورسٹیاں بہت کم ہیں۔ساؤتھ پنجاب ایسا علاقہ ہے کہ بچیوں کے والدین شاید co-education کو prefer نہ کریں اس لئے میری گزارش ہے کہ اس علاقے میں وومن یونیورسٹیوں کی تعداد بڑھائی جائے۔

**وزیر ہائر ایجوکیشن**(جناب یاسر ہمایوں): جناب چیئر مین! پہلے ہی ڈیرہ غازی خان میں وومن یونیورسٹی کے قیام کے لئے Bill منظوری کے لئے گیا ہوا ہے اور امید ہے کہ انشاءاللہ اسی مالی سال میں یہ یونیورسٹی بن جائے گی۔میں معزز رکن کی بات سے اتفاق کرتا ہوں لیکن یہ resources available ہونے پر منحصر ہے۔معزز رکن ایک اور بات نوٹ کر لیں کہ اکثر co-education والی یونیورسٹیوں میں خواتین کی تعداد زیادہ ہے۔اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں female enrollment زیادہ ہے حالانکہ وہاں پر وومن یونیورسٹی بھی موجود ہے۔

**جناب چیئر مین**: اگلا سوال محترمہ نیلم حیات ملک کا ہے۔

**محترمہ نیلم حیات ملک**: جناب چیئر مین! میرا سوال نمبر 7643 ہے۔جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئر مین**: جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## لاہور: سول سیکرٹریٹ میں محکمہ ہائر ایجوکیشن کے افسران واہلکاران کی تعداد و عرصہ تعیناتی سے متعلقہ تفصیلات

*7643: **محترمہ نیلم حیات ملک**: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ ہائر ایجوکیشن سول سیکرٹریٹ لاہور میں کس کس گریڈ کے کتنے افسران واہلکاران کب سے تعینات ہیں ان میں کتنے کب سے ڈیپوٹیشن پر کام کر رہے ہیں ان کے نام اور عہدہ، گریڈ وائز مکمل تفصیل فراہم فرمائیں؟

(ب) ان میں کتنے ایس او اور ڈپٹی سیکرٹری ہیں اور وہ کون کون سے شعبوں کو ڈیل کر رہے ہیں اور کتنے کتنے عرصہ سے ایک ہی جگہ پر تعینات ہیں؟

(ج) کیا یہ درست ہے کہ عرصہ دراز سے ایک ہی جگہ پر تعینات رہنے والے ملازمین نے اجارہ داری قائم کررکھی ہے اور وہ عوام کے جائز کام بھی نہیں کرتے اور کئی کئی دن بلکہ کئی کئی ماہ تک سائیلان کو دفتروں کے چکر لگواتے ہیں؟

(د) اگر مذکورہ بالا تفصیلات درست ہیں تو کیا سیکرٹری ہائر ایجوکیشن مذکورہ بالا ملازمین کو فوری طور پر یہاں سے ٹرانسفر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں اگر نہیں تو اس کی وجوہات سے آگاہ فرمائیں؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) محکمہ ہائر ایجوکیشن میں 112 افسران و اہلکار کام کر رہے ہیں۔06 ڈپٹی سیکرٹری اور پندرہ سیکشن آفیسر محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی سے ہیں اور 04 ڈپٹی سیکرٹری، 10 سیکشن آفیسر محکمہ کے ذیلی دفاتر سے تعلق رکھتے ہیں۔ تاہم ان میں سے کوئی آفیسر بھی ڈیپوٹیشن پر کام نہیں کر رہا ہے۔تفصیل ضمیمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ان میں دس ڈپٹی سیکرٹری ہیں اور پچیس سیکشن آفیسرز ہیں۔ تفصیل ضمیمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) یہ درست نہ ہے ۔ محکمہ میں تعینات تمام افسران و اہلکاران بڑی جانفشانی سے اپنے فرائض منصبی سر انجام دے رہے ہیں۔ محکمہ خاص ذمہ داری کی ادائیگی اور اپنی ضرورت کے مطابق وقتاً فوقتاً ذیلی دفاتر سے افسران کی خدمات مکمل طور پر عارضی بنیادوں پر مستعار لیتا رہتا ہے اور مخصوص اسائنمنٹ کی تکمیل کے بعد ان افسران کی خدمات متعلقہ دفاتر کو واپس کر دی جاتی ہیں۔ مزید برآں محکمہ نے محکمہ S&GAD کو بھی خالی اسامیوں پر افسران کی تعیناتی کے لئے درخواست کی ہوئی ہے تاکہ خالی اسامیوں پر مستقل افسران کی تعیناتی ہو جائے۔

(د) سٹاف کی کمی کی وجہ سے محکمہ نے اپنے ذیلی دفتر سے کچھ افسران اور اہلکاران کی خدمات مستعار لی ہوئی ہیں۔ محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی سے افسران و اہلکاران کی تعیناتی پر متعلقہ سٹاف اپنے اپنے دفاتر کو واپس کر دیا جائے گا۔

**جناب چیئرمین:** کوئی ضمنی سوال ہے؟

**محترمہ نیلم حیات ملک:** جناب چیئرمین! منسٹر ہائر ایجوکیشن نے بڑا اچھا اور تفصیل سے جواب دیا ہے۔ میں اس کے لئے منسٹر صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہوں اور میں جواب سے مطمئن ہوں۔

**جناب چیئرمین:** جی، بہت شکریہ۔ اگلا سوال جناب محمد کاظم پیرزادہ کا ہے۔

**جناب محمد کاظم پیرزادہ:** جناب چیئرمین! میرا سوال نمبر 7665 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## بہاولپور: پی پی۔247 میں بوائز و گرلز کالجز کی تعداد، ٹیچنگ اور نان ٹیچنگ سٹاف کی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

***7665: جناب محمد کاظم پیرزادہ:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) پی پی۔247 بہاولپور میں کون کون سے بوائز و گرلز کالج کس کس قصبہ اور شہر میں ہیں؟

(ب) ان میں طالب علموں اور اساتذہ کی تعداد کتنی کتنی ہے؟

(ج) ان کالجوں کی بلڈنگ کی حالت کیسی ہے؟

(د) ان کالجوں میں اساتذہ کرام اور نان ٹیچنگ سٹاف کی کتنی اسامیاں خالی ہیں۔ تفصیل علیحدہ علیحدہ کالج وائز بتائیں؟

(ہ) ان کالجوں کے لئے کتنی رقم مالی سال 22-2021 میں مختص کی گئی ہے اور اس سے ان میں کون کون سے کام کروائے جائیں گ؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) پی پی۔247 خیر پور ٹامیوالی میں ایک بوائز اور ایک گرلز کالج ہے جن کے نام درج ذیل ہیں۔

1۔ گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین خیر پور ٹامیوالی

2۔ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج، خیر پور ٹامیوالی

(ب) مندرجہ بالا کالجز میں طالبات اور اساتذہ کی تعداد درج ذیل ہے۔

1۔گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین خیر پور ٹامیوالی میں طالبات کی تعداد987ہے۔

| نمبر شمار | پوسٹ کا نام | گریڈ | تعداد |
|---|---|---|---|
| 1۔ | لیکچرار | (BS-17) | 09 |
| 2۔ | اسسٹنٹ پروفیسر | (BS-18) | 06 |

2۔گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج، خیر پور ٹامیوالی، میں طالبات کی تعداد 593 ہے۔

| نمبر شمار | پوسٹ کا نام | گریڈ | تعداد |
|---|---|---|---|
| 1 | لیکچرار | (BS-17) | 06 |
| 2 | اسسٹنٹ پروفیسر | (BS-18) | 03 |

(ج) گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین خیر پور ٹامیوالی میں عمارت کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

کلاس رومز 14عدد، لیبز 05عدد، ہال 01عدد، کھیل کا میدان 01عدد،

مندرجہ بالا کالج کی عمارت کی حالت اچھی ہے اور طالبات کی تعلیمی ضروریات کے مطابق ہے۔

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج، خیر پور ٹامیوالی میں عمارت کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

کلاس رومز 06عدد، لیبز 04عدد، ہال 01عدد، کھیل کا میدان 01عدد،

متذکرہ بالا کالج کی عمارت کی حالت C&W ڈیپارٹمنٹ کی رپورٹ کے مطابق ناگفتہ بہ ہے۔ یہاں اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ کالج ہذا کی بلڈنگ کو فوری طور پر خالی کروانے کے احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں اور طلباء کی تعلیمی سرگرمیوں کو جاری رکھنے کے لئے عارضی بنیادوں پر لائبریری ہال میں کلاس رومز کا انتظام کر دیا گیا ہے۔ مذکورہ کالج کی نئی بلڈنگ بنانے کے لئے آئندہ مالی سال کے ترقیاتی بجٹ میں ترجیحاتی بنیادوں پر منصوبہ کی تجویز دی جائے گی۔

(د) گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین خیرپور ٹامیوالی میں کل منظور شدہ تدریسی عملہ کی اسامیاں 21ہیں، جن میں سے لیکچرار (BS-17)کی03اور اسسٹنٹ پروفیسر (BS-18)کی02اسامیاں خالی ہیں جبکہ غیر تدریسی عملہ کل منظور شدہ اسامیاں28ہیں ان میں سے سینئر کلرک 01 (BS-14)، لیکچرر اسسٹنٹ 05 (BS-07)،(BS-04) کی 01اور(BS-01) کی05اسامیاں خالی ہیں۔

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج ، خیر پور ٹامیوالی میں کل منظور شدہ تدریسی عملہ کی اسامیاں29ہیں، ان میں سے لیکچرار14 (BS-17)، اسسٹنٹ پروفیسر (BS-18) 05اور ایسوسی ایٹ پروفیسر 01 (BS-19) خالی ہیں جبکہ غیر تدریسی عملہ کل منظور شدہ اسامیاں31ہیں ان میں سے ہیڈ کلرک 01 (BS-16)، سینئر کلرک 01 (BS-14)، جونیئر کلرک01 (BS-11) ، کیئر ٹیکر01 (BS-09)، لیکچرر اسسٹنٹ (BS-07) 04اور(BS-01) کی02اسامیاں خالی ہیں۔

(ہ) گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین خیر پور ٹامیوالی میں ترقیاتی بجٹ کی مد میں موجودہ مالی سال22-2021میں20.000ملین روپے کی لاگت سے آڈیٹوریم تعمیر کیا جائے گا۔ اور غیر ترقیاتی بجٹ کی مد میں اس کالج کو پہلی سہ ماہی میں 10.344ملین روپے مختص کئے گئے ہیں جس کو کالج ہذا کے عملہ کی تنخواہوں اور کالج کے دیگر امور پر خرچ کیا جائے گا۔

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج خیر پور ٹامیوالی میں ترقیاتی بجٹ کی مد میں موجودہ مالی سال برائے22-2021میں13.356ملین روپے کی لاگت سے05کلاس رومز مع فرنیچر مختص کئے گئے ہیں جبکہ غیر ترقیاتی بجٹ کی مد میں کالج ہذا کو پہلی سہ ماہی میں 11.642ملین روپے مختص کئے گئے ہیں جس کو کالج ہذا کے عملہ کی تنخواہوں اور کالج کے دیگر امور پر خرچ کیا جائے گا۔

**جناب چیئر مین:** کوئی ضمنی سوال ہے؟

**جناب محمد کاظم پیرزادہ:** جناب چیئرمین! جواب کے جز(ج) میں محکمہ نے کہا ہے کہ متذکرہ بالا کالج کی عمارت کی حالت C&W ڈیپارٹمنٹ کی رپورٹ کے مطابق ناگفتہ بہ ہے۔ یہ کالج حال ہی میں بنا تھا یعنی تقریباً چار یا پانچ سال پہلے بنایا گیا تھا لیکن اس کالج کی جو main entrance ہے اس کے لینٹر میں کریک آیا ہوا ہے۔ بے شک انہوں نے بچوں کے لئے متبادل انتظام کر دیا ہے لیکن اس کی مرمت کے لئے کوئی رقم مختص نہیں کی گئی۔ میری درخواست ہے کہ اس کی انکوائری ہونی چاہئے کہ نئی عمارت کی حالت اتنی جلدی کیسے ناگفتہ بہ ہو گئی ہے اور قومی وسائل کیوں ضائع کئے گئے ہیں؟ یہ بہت افسوسناک امر ہے۔ اس کالج کی عمارت کی حالت صرف ناگفتہ بہ نہیں بلکہ انتہائی خطرناک ہے۔ وہ main entrance ہے۔ بے شک وہاں پر کلاس روم نہیں لیکن بچے وہیں سے گزرتے ہیں۔ اس بارے میں منسٹر ہائر ایجوکیشن کوئی خصوصی توجہ فرمائیں۔ جواب میں یہ کہا گیا ہے کہ اس کالج کی تعمیر و مرمت کے لئے اگلے مالی سال کے بجٹ میں سفارش کی جائے گی۔ میں عرض کروں گا کہ اس کالج کی تعمیر و مرمت اسی مالی سال میں کرنے کے لئے کوئی گنجائش نکالی جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، منسٹر صاحب!

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب چیئرمین! معزز رکن نے دو باتیں فرمائیں ہیں۔ میں اتفاق کرتا ہوں کہ اس عمارت پر سرکاری خزانے کا پیسا ضائع کیا گیا ہے اس کی تحقیق ہونی چاہئے اور میں وزیر اعلیٰ صاحب کو request بھجواؤں گا کہ اس کی تحقیقات کی جائیں کہ محکمہ C&W نے کیوں sub-standard کام کیا ہے؟ یقیناً یہ کام previous tenure میں ہوا ہو گا لیکن اس کے خلاف تحقیقات کی جائیں گی۔ معزز رکن نے اس عمارت کو repair کرنے کا کہا ہے۔ میں کوشش کرتا ہوں کہ بلاک ایلوکیشن سے اس کی فوری طور پر repair کروا دی جائے۔ میں محکمہ سے کہتا ہوں لیکن اگر فوری طور پر یہ ممکن نہ ہو سکا تو اگلے مالی سال کے ADP میں اس کو شامل کر لیں گے۔

**جناب چیئرمین:** جی، بالکل اس عمارت کی maintenance ہونی چاہئے۔

**جناب محمد کاظم پیرزادہ:** جناب چیئرمین! میں منسٹر صاحب کے اس جواب سے مطمئن ہوں کہ انہوں نے انتہائی اعتماد کے ساتھ کہا ہے کہ یہ کالج پچھلی حکومت نے ہی بنوایا ہو گا۔ میں یہ کہوں گا

کہ جس محکمہ نے بھی یہ عمارت بنائی ہے اس کے خلاف انکوائری کی جانی چاہئے۔ منسٹر صاحب جب اس کی انکوائری کروائیں گے تو انشاءاللہ تعالیٰ ان کی تسلی و تشفی ہو جائے گی۔ منسٹر صاحب نے وعدہ فرمایا ہے کہ بلاک ایلوکیشن سے اس عمارت کی maintenance کروائی جائے گی۔ میرا سوال ہے کہ کب تک اس عمارت کی مرمت بلاک ایلوکیشن سے کروائی جائے گی؟ مجھے اس کا کوئی time frame دے دیں۔

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب چیئرمین! میں محکمہ سے پوچھ کر تحریری طور پر اسمبلی سیکرٹریٹ کو آگاہ کر دوں گا۔ اگر اس مالی سال میں ممکن ہو سکا تو اسی سال میں اس کی مرمت کروا دی جائے گی اور اگر اس سال ممکن نہیں تو ہم اس کو اگلے مالی سال میں انشاءاللہ تعالیٰ لازماً اس عمارت کو ٹھیک کروائیں گے۔ میں محکمہ سے تحریری طور پر exact جواب لے کر اسمبلی سیکرٹریٹ کو دے دوں گا۔

**جناب محمد کاظم پیرزادہ:** جناب چیئرمین! آپ منسٹر صاحب سے کوئی time لے لیں کہ کب تک وہ اس کا جواب تحریری طور پر دے دیں گے؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب چیئرمین! اگر تسلی بخش جواب نہ ہوا تو معزز ممبر دوبارہ سوال جمع کروا سکتے ہیں لیکن امید ہے کہ ہم ان کو satisfactory جواب دیں گے۔

**جناب چیئرمین:** منسٹر صاحب! اس کا تسلی بخش جواب آنا چاہئے۔

**جناب محمد کاظم پیرزادہ:** جناب چیئرمین! میں تو یہ درخواست کروں گا کہ منسٹر صاحب اس پر عملدرآمد کا وعدہ فرما دیں۔

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جی، ٹھیک ہے۔ انشاءاللہ

**جناب چیئرمین:** منسٹر صاحب! کیا آپ ایک مہینے تک اس کا positive جواب دیں گے۔

وزیر ہائر ایجوکیشن (جناب یاسر ہمایوں): جناب چیئرمین! یہ کوئی issue نہیں ہے میں اس کا ایک ہفتے میں جواب دے دوں گا۔

**جناب محمد کاظم پیرزادہ:** جناب چیئرمین! میں آپ کی وساطت سے منسٹر صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

**جناب چیئرمین:** بہت شکریہ۔ اگلا سوال جناب محمود الحق کا ہے۔۔۔ موجود نہیں ہیں لہٰذا اس سوال نمبر 7666 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال محترمہ عنیزہ فاطمہ کا ہے۔

**محترمہ عنیزہ فاطمہ:** جناب چیئرمین! شکریہ۔ میرا سوال نمبر 7673 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن لاہور میں سیکرٹری بورڈ کی قواعد وضوابط کے برعکس تعیناتی سے متعلقہ تفصیلات

***7673: محترمہ عنیزہ فاطمہ:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ لاہور تعلیمی بورڈ کے موجودہ سیکرٹری تعیناتی پنجاب بورڈ کمیٹی آف چیئرمین کے قواعد وضوابط کے خلاف ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ سیکرٹری لاہور بورڈ کی تعیناتی تین ماہ کے لئے عارضی تھی؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ تین ماہ عارضی تعیناتی کے بعد توسیع وزیر اعلیٰ کے ایگزیکٹو آرڈر کے بغیر نہیں ہوتی؟

(د) کیا یہ بھی درست ہے کہ سیکرٹری لاہور بورڈ کی تعیناتی میں توسیع کے لئے رولز پر عمل نہیں کیا گیا؟

(ہ) اگر مذکورہ بالا جز کے جواب درست ہیں تو اس کا ذمہ دار کون ہے اور اس کے خلاف کیا کارروائی کی گئی ہے اگر درست نہیں تو اب تک سیکرٹری بورڈ کیوں تا حال تعینات ہے وجوہات سے آگاہ فرمائیں؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) یہ درست نہ ہے کیونکہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین (PBCC) کی میٹنگ مورخہ 10.11.2017 جو کہ سیکرٹری ہائر ایجوکیشن کی زیر صدرات منعقد ہوئی کی

روئیداد کی شق نمبر 3 کے تحت PBCC سیکرٹریٹ مستقل طور پر لاہور بورڈ میں قائم کر دیا گیا اور فیصلہ کیا گیا کہ سیکرٹری لاہور بورڈ بطور Ex-officio سیکرٹری برائے PBCC اپنی ڈیوٹی سرانجام دیں گے نیز اسی روئیداد کی شق نمبر 4 کے تحت PBCC کی صدارت/چیئرمین شپ قانون کے مطابق (By Rotation) بحال کرنے کی منظوری بھی دی گئی۔(Minutes آف میٹنگ فلیگ "A" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

(ب) یہ درست ہے کہ مسٹر اویس سلیم ہمایوں، اسسٹنٹ پروفیسر آف انگریزی (بی ایس-18) گورنمنٹ ڈگری کالج فار بوائز، رائے ونڈ، لاہور کو سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، گورنمنٹ آف دی پنجاب نے بذریعہ نوٹیفکیشن نمبر SO(Boards)12-4/2020 مورخہ 31.10.2020 کو ایڈیشنل چارج برائے سیکرٹری، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور تین ماہ یا ریگولر آفیسر کے آنے تک سونپا گیا (نوٹیفکیشن فلیگ "B" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے) لیکن بعد میں ان کی توسیع سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، گورنمنٹ آف دی پنجاب کے بذریعہ نوٹیفکیشن نمبر SO(Boards)12-4/2020/P مورخہ 02.02.2021 کو اگلے تین ماہ کے لئے ہوئی۔(نوٹیفکیشن فلیگ "C" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔ مزید برآں اس مدت کی میعاد ختم ہونے سے قبل چیئرمین لاہور بورڈ نے بذریعہ چٹھی نمبر CH/P-09 مورخہ 07.04.2021 سیکرٹری ہائر ایجوکیشن کو درخواست کی کہ آنے والے سیکنڈری سکول/ہائر سیکنڈری سکول سالانہ امتحانات 2021 کے انعقاد کے سلسلے میں بورڈ کے معاملات بغیر کسی تعطل کے چلانے کے لئے مسٹر اویس سلیم ہمایوں کو بطور سیکرٹری مزید عرصہ کے لئے کام کرنے کی اجازت دی جائے۔(چٹھی کی کاپی فلیگ "D" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔ جس کے جواب میں ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے پنجاب کے مختلف بورڈز میں سیکرٹری اور کنٹرولر امتحانات کے عہدوں پر ایڈیشنل چارج پر کام کرنے والے افسران بشمول مسٹر اویس سلیم ہمایوں کی مدت میں توسیع تین ماہ کے لئے بذریعہ نوٹیفکیشن مورخہ 28.04.2021 کر دی (نوٹیفکیشن فلیگ "E" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ اس کے بعد ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے دوبارہ بذریعہ

نوٹیفکیشن مورخہ 30.07.2021 کو ان افسران کے عرصہ میں مزید تین ماہ کی توسیع کر دی (نوٹیفکیشن فلیگ "F" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

(ج) یہ درست نہ ہے۔ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، وزیر اعلیٰ کی قائم کردہ سرچ کمیٹی جس کے کنونیئر ایڈیشنل چیف سیکرٹری، پنجاب ہیں کی سربراہی میں تمام اہل امیدواران کے انٹرویو کے بعد سمری چیف منسٹر پنجاب کو بھیجتا ہے اور اہل امیدوار کی تعیناتی نامزد بورڈ اور سیٹ پر تین سال کے لئے ڈیپوٹیشن پر کی جاتی ہے۔

(د) ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، گورنمنٹ آف پنجاب نے بورڈ کے معاملات اور امتحانات کو بااحسن طریقے سے چلانے اور مستقل طور پر سیکرٹری لاہور بورڈ کی تعیناتی تک ایڈیشنل چارج رولز کے مطابق دیا ہے۔

(ہ) یہ درست نہ ہے۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری، پنجاب / چیئر پرسن سرچ کمیٹی کی ٹرانسفر کی بناء پر مستقل طور پر سیکرٹری اور کنٹرولرز کی تعیناتی نہ ہو سکی ہے۔ مزید یہ کہ نئے ایڈیشنل چیف سیکرٹری، پنجاب / چیئر مین سرچ کمیٹی نے انٹرویوز کی تاریخ جو کہ 12,13 اور 18 اکتوبر 2021 مقرر کی ہیں۔

**محترمہ عنیزہ فاطمہ:** جناب چیئر مین! میں اپنے سوال کے جواب سے مطمئن ہوں۔

**جناب چیئر مین:** جی، شکریہ۔ اگلا سوال جناب محمد نواز چوہان کا ہے۔

**جناب محمد نواز چوہان:** جناب چیئر مین! بہت شکریہ۔ میرا سوال نمبر 7743 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئر مین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## گوجرانوالہ: کالجز اور یونیورسٹی کے لئے مختص کردہ رقم اور سہولیات سے متعلقہ تفصیلات

*7743: **جناب محمد نواز چوہان:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) گوجرانوالہ شہر کے کالجز اور یونیورسٹی کے لئے سال 21-2020 میں کتنی رقم مختص کی گئی تھی؟

(ب) اس سال کے دوران ہر کالج اور یونیورسٹی کیمپس کو کتنی کتنی رقم فراہم کی گئی مد وار تفصیل دی جائے؟

(ج) ان کالجوں اور یونیورسٹی میں کون کون سی سہولیات اس مالی سال کے دوران فراہم کی گئی؟

(د) اس سال کس کس کالج کی بلڈنگ یا کمرے تعمیر کئے گئے ان کے نام مع خرچ کردہ رقم وکام کی تفصیل دی جائے؟

(ہ) ان کالجوں کے لئے مالی سال 22-2021 میں کتنی رقم مختص کی گئی ہے تفصیل کالج وائز فراہم فرمائیں ان میں کون کون سی سہولیات فراہم کی جائیں گی اور دیگر کون کون سا کام سرانجام دیا جائے گا۔ تفصیلاً آگاہ فرمائیں؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) گوجرانوالہ شہر میں کالجز کی 12 تعداد ہے ان کالجز کو سال 21-2020 میں غیر ترقیاتی فنڈز کی مد میں 315.914 ملین روپے فراہم کئے گئے۔ مزید برآں 2 کالجز کے لئے سال 21-2020 میں ترقیاتی فنڈز کی مد میں 75.00 ملین روپے کی رقم فراہم کی گئی تاہم سال 21-2020 میں ترقیاتی فنڈز کی مد میں یونیورسٹی کیمپس کے لئے کوئی رقم مختص نہ تھی۔

(ب) ترقیاتی فنڈز کی مد میں 2 کالجز کو سال 21-2020 میں فراہم کی جانے والی رقم کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ گورنمنٹ ڈگری کالج فار بوائز سیٹلائیٹ ٹاؤن کو فراہم کردہ رقم 45.00 ملین روپے تھی۔

2۔ گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین سیٹلائیٹ ٹاؤن کو فراہم کردہ رقم 30.00 ملین روپے تھی۔

(ج) مندرجہ بالا کالجز میں سال 21-2020 میں عدم دستیاب سہولیات کی مد میں پوسٹ گریجویٹ /بی ایس بلاک کی تعمیر اور کالج بلڈنگ کی مرمت کے کام کئے گئے۔

(د) مندرجہ بالا کالجز میں سال 21-2020 میں کئے گئے کام کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ گورنمنٹ ڈگری کالج فار بوائز سیٹلائیٹ ٹاؤن میں پوسٹ گریجویٹ بلاک اور پرنسپل رہائش گاہ کی تعمیر اور کمروں کی مرمت کا کام جاری ہے جس پر اس سال 45.00 ملین روپے خرچ کئے گئے۔

2۔ گورنمنٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین سیٹلائیٹ ٹاؤن میں بی ایس بلاک کی تعمیر کا کام جاری ہے جس پر اس سال 30.00 ملین روپے خرچ کئے گئے۔

(ہ) مندرجہ بالا 2 کالجز کے لئے سال 22-2021 میں ترقیاتی فنڈز کی مد میں 158.29 ملین کی رقم فراہم کی گئی ہے۔اس ضمن میں رقم اور کام کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔ گورنمنٹ ڈگری کالج فار بوائز سیٹلائیٹ ٹاؤن کے لئے مختص کردہ رقم 41.709 ملین روپے ہے جس سے پوسٹ گریجویٹ بلاک کی تعمیر اور کالج بلڈنگ کی تعمیر کا منصوبہ اس سال مکمل کیا جائے گا۔ مزید برآں 2.321 ملین روپے سے کلاس رومز کے لئے فرنیچر فراہم کیا جائے گا۔

2۔ گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین سیٹلائیٹ ٹاؤن کے لئے مختص کردہ رقم 95.172 ملین روپے ہے جس سے بی ایس بلاک کی تعمیر کا منصوبہ اس سال مکمل کیا جائے گا مزید برآں 19.088 ملین روپے سے کلاس رومز کے لئے فرنیچر اور دیگر ضروری سامان فراہم کیا جائے گا۔اس کے علاوہ ترقیاتی بجٹ 22-2021 کے منصوبہ 430 کے تحت ایسوسی ایٹ کالجز میں ضرورت کی بنیاد پر لیب ایکوپمنٹ فراہم کیا جائے گا اور منصوبہ 407 کے تحت 500.00 ملین روپے رکھے گئے جس سے ان کالجز کو ضرورت کے مطابق سہولیات ترجیحاتی بنیادوں پر فراہم کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ مزید برآں حکومت پنجاب نے ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت مقامی سطح پر اعلیٰ تعلیم کی فراہمی کے لئے یونیورسٹی آف گوجرانوالہ بنانے کا اعلان کیا ہے جس کے لئے 3000.00 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** کوئی ضمنی سوال ہے؟

**جناب محمد نواز چوہان:** جناب چیئرمین! میرے سوال کے جواب میں جو تفصیل دی گئی ہے میں اس سے satisfied ہوں۔ بہت شکریہ۔

**جناب چیئرمین:** جی، بہت شکریہ۔ اگلا سوال جناب محمد طاہر پرویز کا ہے۔

**جناب محمد طاہر پرویز:** جناب چیئرمین! شکریہ۔ میرا سوال نمبر 6872 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فار وومن فیصل آباد میں تنزلی کے یکساں نوعیت کے کیس میں دہرا معیار اپنانے سے متعلقہ تفصیلات

*6872: **جناب محمد طاہر پرویز:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ کالج وومن یونیورسٹی فیصل آباد میں کام کرنے والے چھ ملازمین کو نوکری سے نکال دیا گیا کیونکہ وہ جس پوسٹ پر کام کر رہے تھے اس کی مطلوبہ تعلیمی قابلیت پر پورا نہ اترتے تھے مطلوبہ تعلیمی قابلیت سولہ سالہ ڈگری فرسٹ ڈویژن تھی جبکہ متعلقہ ملازمین سیکنڈ ڈویژن کے حامل تھے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ اسی طرح ڈپٹی رجسٹرار کی تعلیمی قابلیت پورا نہ کرنے والے محمد اقبال کو ڈپٹی رجسٹرار گریڈ 18 کے عہدہ پر تعینات کیا ہوا ہے موصوف جو کہ ڈپٹی رجسٹرار کی پوسٹ کے اہل نہ ہے کیونکہ ڈپٹی رجسٹرار کے لئے تعلیمی قابلیت سولہ سالہ ڈگری یا ایم بی اے سیکنڈ ڈویژن / بی گریڈ شرط ہے جبکہ موصوف کی تعلیمی قابلیت سولہ سالہ ڈگری ایم بی اے سی گریڈ ہے جبکہ اس معاملہ پر یونیورسٹی انتظامیہ انکوائری بھی کروا چکے ہے جس کے مطابق موصوف ڈپٹی رجسٹرار کی تعلیمی قابلیت جو کہ یونیورسٹی نے اخبار اشتہار میں دی اس پر پورا نہ اترتا ہے؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ اس سب کے باوجود یونیورسٹی نے امتیازی سلوک برتتے ہوئے مذکورہ ڈپٹی رجسٹرار کو یونیورسٹی سے نہ نکالا ہے جبکہ گریڈ 16 پر کام کرنے والے

ملازمین کو نکال دیا ہے ڈپٹی رجسٹرار موصوف اور یونیورسٹی سے نکالے جانے والے چھ ملازمین کا کیس ایک جیسا ہے؟

(د) کیا حکومت اس بابت اعلیٰ سطح کی انکوائری کروانے کے لئے تیار ہے کہ ڈپٹی رجسٹرار کو ابھی تک یونیورسٹی سے کیوں فارغ نہ کیا گیا ہے اوران کی ماہانہ تنخواہ کو روک کر دوبارہ کس کے حکم کے تحت جاری کیا گیا ہے جبکہ متعلقہ آفیسر کو لاہور ہائی کورٹ نے بھی ریلیف فراہم نہ کیا ہے اور سنڈیکیٹ کو اس آفیسر کے متعلق قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کا کہا؟

(ہ) کیا انتظامیہ یونیورسٹی اور سنڈیکیٹ ،ہائی کورٹ کی ڈائریکشن پر قانون کے مطابق اس ڈپٹی رجسٹرار کے بارے میں فیصلہ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک نہیں تو اس کی وجوہات بیان کریں؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) جی، یہ درست ہے کہ گورنمنٹ کالج وومن یونیورسٹی فیصل آباد میں کام کرنے والے چھ ملازمین کو نوکری سے نکال دیا گیا ہے کیونکہ وہ جس پوسٹ پر کام کر رہے تھے ان کی مطلوبہ تعلیمی قابلیت پر وہ پورا نہ اترتے تھے۔

(ب) جی ہاں! یہ بات درست ہے کہ محمد اقبال حسین ڈپٹی رجسٹرار کی پوسٹ پر کام کر رہے ہیں اور وہ مطلوبہ تعلیمی قابلیت پر پورا نہیں اُترتے۔

(ج) فارغ کئے جانے والے چھ ملازمین کو سنڈیکیٹ نے S&GAD کی ایڈوائس پر فارغ کیا تھا جبکہ موجودہ کیس میں سنڈیکیٹ نے لاء ڈیپارٹمنٹ سے ایڈوائس لینے کا فیصلہ کیا۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ سنڈیکیٹ یونیورسٹی کی فیصلہ ساز ایگزیکٹو باڈی ہے۔

(د) یونیورسٹی نے سنڈیکیٹ کے فیصلے کی روشنی میں یہ کیس محکمہ تعلیم کو بھیجا تھا کہ لاء ڈیپارٹمنٹ سے رائے لے کر دی جائے (ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔ محکمہ نے یہ کیس واپس یونیورسٹی کو بھیجا ہے اور کہا ہے کہ اس کیس میں کوئی ایسی قانونی پیچیدگی نہیں ہے۔ سنڈیکیٹ چونکہ مجاز اتھاڑی ہے اس لئے وہی فیصلہ کرے (ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

(ہ) یونیورسٹی اس کیس کو سینڈیکیٹ کی اگلی میٹنگ میں پیش کرے گی اور اس کے متعلق حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔

**جناب چیئرمین:** کوئی ضمنی سوال ہے؟

**جناب محمد طاہر پرویز:** جناب چیئرمین! میں نے جز (د) میں یہ پوچھا تھا کہ کیا یہ حکومت اس بابت اعلیٰ سطح کی کوئی انکوائری کرانے کے لئے تیار ہے؟ ڈپٹی رجسٹرار کو بھی ابھی تک یونیورسٹی سے فارغ کیوں نہیں کیا گیا ہے اور اس کی ماہانہ تنخواہ کو روک کر دوبارہ کس کے حکم کے تحت جاری کیا گیا ہے جب کہ متعلقہ آفیسر کو لاہور ہائی کورٹ نے بھی relief فراہم نہ کیا ہے اور syndicate کو بھی اس آفیسر سے متعلق قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کا کہا۔ اس کے بارے میں وزیر موصوف کیا فرمائیں گے؟

**جناب چیئرمین:** جی، وزیر ہائر ایجوکیشن!

**وزیر ہائر ایجوکیشن (جناب یاسر ہمایوں):** جناب چیئرمین! ممبر موصوف کی شکایت کے حوالے سے ہم نے cognizance لی تھی۔ Syndicate نے اس معاملے پر رائے لانے کے لئے محکمہ قانون کو یہ کیس بھیجا۔ محکمہ قانون نے کہا کہ اس کا فائنل فیصلہ Syndicate نے ہی کرنا ہے لیکن ان کو اُس پوسٹ سے ہٹا دینا چاہئے۔ Syndicate کی previous meeting کا ایجنڈا check کیا ہے اُس میں انہوں نے یہ معاملہ نہیں رکھا تھا تو میں نے verbal instructions دی ہیں کہ coming Syndicate meeting میں اس معاملے کو رکھیں۔ معزز ممبر نے غیر قانونی طور پر تنخواہ جاری کرنے کی جو شکایت کی ہے میں اس کی انکوائری بھی رکھوا دیتے ہیں we will find out کہ اتنا delay کیوں ہوا ہے اور اس معاملہ کو Syndicate میں کیوں نہیں لے کر آئے؟

**جناب محمد طاہر پرویز:** جناب چیئرمین! میں وزیر موصوف کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ ان کے ارادے نیک ہی لگ رہے ہیں اور مجھے اُمید ہے کہ یہ قانون کے مطابق ضرور کارروائی کریں گے۔ میں اس تھوڑا سا مزید add کرنا چاہتا ہوں کہ جب قانون کے مطابق انکوائری مکمل ہو چکی تھی تو Syndicate کی کچھ دن پہلے ہونے والی میٹنگ میں اس معاملے کو رکھ دینا چاہئے تھا لیکن اس

معاملے کو VC یا یونیورسٹی کے رجسٹرار نے ایجنڈا پر کیوں نہیں رکھا تو وزیر موصوف on the floor of the House یہ commitment دیں کہ اُن کے خلاف کارروائی کریں گے۔

**جناب چیئرمین:** جی، وزیر موصوف نے یقین دہانی کرائی ہے کہ اس معاملے کو Syndicate کی next meeting میں رکھ دیں گے۔

**جناب محمد طاہر پرویز:** جناب چیئرمین! وزیر موصوف کی commitment تو بالکل ٹھیک ہے کہ Syndicate کی next meeting میں یہ معاملہ آ جائے گا لیکن آپ دیکھیں کہ پنجاب اسمبلی کا House کسی معاملے میں involve ہوتا ہے اور اُس کی reporting کرتا ہے تو پھر مجھے یہ بتائیں کہ اس کے باوجود جو لوگ اُس سے آگے نکلنے کی کوشش کریں تو اُن کے خلاف کیا کارروائی بنتی ہے؟

**جناب چیئرمین:** جی، وزیر ہائر ایجوکیشن!

**وزیر ہائر ایجوکیشن (جناب یاسر ہمایوں):** جناب چیئرمین! میں نے ممبر موصوف سے already agree کیا ہے کہ Syndicate کی last meeting میں اس معاملے کو نہیں رکھا گیا اور جب میرے علم میں یہ بات آئی کہ اس معاملے کا اسمبلی سے pertaining question بھی تھا تو پھر میں نے محکمہ سے کہا کہ اس کا نوٹس لیں کہ یہ معاملہ Syndicate کی میٹنگ میں کیوں نہیں رکھا گیا اور کس نے یہ کیا؟ وہاں پر نئے رجسٹرار آئے ہیں تو ہو سکتا ہے کہ یہ معاملہ اُن کے نوٹس میں نہ ہو Let us find out اگر یہ کوئی negligence تھی تو next Syndicate meeting میں یہ مسئلہ حل ہو جائے گا اور اگر malafide intention تھی اور انکوائری میں بات سامنے آئی تو قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

**جناب محمد طاہر پرویز:** جناب چیئرمین! میں on the floor of the House وزیر موصوف کے نوٹس میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ Syndicate کے اندر اُن لوگوں کو بھی بھرتی کیا جا رہا ہے جو محکمہ ہائر ایجوکیشن کی پالیسی پر پورا نہیں اُترتے۔ میں نے وزیر موصوف کو انکوائری کے لئے personally WhatsApp کیا تھا لیکن ان کے ساتھ میرا رابطہ نہیں ہو سکا۔ میں اُمید کرتا ہوں کہ وزیر موصوف previous Syndicate meeting کی کارروائی کو منگوا کر ضرور

دیکھیں گے اور اُس میں جو بھی فیصلے ہوئے ہیں اُن پر نظر ثانی کرتے ہوئے قانون کے مطابق اُن کو complete کریں گے۔

**جناب چیئرمین:** جی، اگلا سوال بھی آپ کا ہے۔

**جناب محمد طاہر پرویز:** جناب چیئرمین! میرا سوال نمبر 6565 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## فیصل آباد: گورنمنٹ کالج برائے خواتین یونیورسٹی میں ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ اور ڈین کی تعیناتی کی تفصیلات

*6565: **جناب محمد طاہر پرویز:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) گورنمنٹ کالج برائے خواتین یونیورسٹی مدینہ ٹاؤن فیصل آباد میں ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ اور ڈین کی کتنی اسامیاں ہیں کتنی پُر اور کون کون سی خالی ہیں؟

(ب) موجودہ VC نے اپنی تعیناتی سے آج تک کون کون سے H.O.D اور ڈین کی تعیناتی کی ہے ان کے نام، عہدہ، گریڈ، تعلیم اور تجربہ نیز وہ کس کس Field کا تجربہ رکھتے ہیں اور ان کی تعیناتی کس کس فیلڈ یا شعبہ میں کی گئی ہے؟

(ج) ان کی تعیناتی کے لئے کیا قواعد وضوابط، پالیسی اور قانون ہیں کیا ان کی تعیناتی قاعدہ / قانون / پالیسی کے تحت ہوئی ہیں اور سنڈیکیٹ سے منظوری لی گئی ہے سنڈیکیٹ کی میٹنگ کب ہوئی تھیں ان کو کون کون سی سہولیات حاصل ہیں اور VC کو کون کون سی سہولیات سرکاری طور پر مل رہی ہیں۔ گاڑیوں کے اخراجات رہائشوں کے اخراجات اور دفاتر کے اخراجات بتائیں؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) گورنمنٹ کالج فار وومن یونیورسٹی، فیصل آباد میں ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ (چیئر پرسن) کی کُل 31 اسامیاں ہیں جن میں سے 22 خالی ہیں۔ جبکہ ڈین کی کُل 4 اسامیاں ہیں اور

چاروں خالی ہیں۔یونیورسٹی میں کوئی یونیورسٹی پروفیسر موجود نہ ہے جس کی وجہ سے ڈین کی پوسٹیں خالی ہیں۔

(ب) موجودہ وائس چانسلر نے اپنی تعیناتی سے آج تک 17 شعبہ جات میں چیئرپرسن /انچارج کی تقرری کی ہے۔تفصیلات ضمیمہ (الف)ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) چیئرپرسن اور ڈین کی تعیناتی کے لئے باقاعدہ قواعد وضوابط یونیورسٹی کے سٹیچوٹس بننے کے بعد اس کی روشنی میں تیار کئے جائیں گے۔ تاہم ان کی تعیناتی سنیارٹی کی بناء پر کی جاتی ہے۔جن شعبہ جات میں ایسوسی ایٹ پروفیسر یا پروفیسر موجود نہ ہو وہاں پر انچارج لگائے جاتے ہیں۔چیئرپرسن کی تعیناتی سنڈیکیٹ نے اپنے اجلاس مورخہ 13۔ستمبر 2017اور یکم اکتوبر 2019کو کی ہے۔چیئرپرسن اور ڈین کو کوئی سہولیات حاصل نہیں ہے۔وائس چانسلر کو حاصل سہولیات میں ایک گاڑی اور کیمپ آفس کی سہولت میسر ہے۔کیمپ آفس میں رہائش کی منظوری سنڈیکیٹ نے دی ہے۔گاڑیوں اور دفتر کے اخراجات،5مرلہ کے سرکاری کیمپ آفس کے بجلی، پانی اور گیس کے بل یونیورسٹی خود ادا کرتی ہے۔دفتر کے اخراجات اوسط19ہزار روپے ماہانہ ہیں۔گاڑی کا 2020کا سالانہ خرچہ 440596روپے ہے۔یونیورسٹی کے انتظامی شعبہ جات کے مالی سال 20-2019کے کل اخراجات234764روپے ہیں جبکہ مالی سال 21-2020(جاری) کے اب تک کے کل اخراجات 244558روپے ہیں۔تفصیلات ضمیمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

**جناب چیئرمین:** کوئی ضمنی سوال ہے؟

**جناب محمد طاہر پرویز:** جناب چیئرمین! میں نے اس سوال میں پوچھا تھا کہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی برائے خواتین، مدینہ ٹاؤن، فیصل آباد میں Head of the Department and Dean کی کتنی اسامیاں ہیں؟اس کی تفصیل وزیر موصوف نے بتائی ہے۔ جز(الف) کے حوالے سے میرا ضمنی سوال ہے کہ یونیورسٹی کے اندر کچھ senior deans, junior deans کے ماتحت ہیں۔وزیر موصوف تو ماشاءاللہ ہر چیز پر بڑی اچھی نظر رکھتے ہیں اور ہر معاملے پر ان کی بڑی گرفت

ہوتی ہے لیکن یہاں پر ایسا کیوں ہے، کیا وزیر موصوف کے نوٹس میں کچھ ایسے کیس آئے ہیں کہ junior deans کو senior deans پر تعینات کر دیا گیا ہو؟

**جناب چیئرمین:** جی، وزیر ہائر ایجوکیشن!

**وزیر ہائر ایجوکیشن (جناب یاسر ہمایوں):** جناب چیئرمین! میں معزز ممبر کا شکر گزار ہوں کہ یہ بڑی اچھی چیزوں کی طرف نشاندہی کرتے ہیں اور ہم نے ان کی باتوں کو کبھی negative نہیں لیا اور اپنی پوری کوشش کرتے ہیں کہ ہمارے جو شکایات آئیں اُن پر تحقیقات بھی کرائی جائیں۔ جہاں تک فیصل آباد یونیورسٹی کا تعلق ہے میں نے previous Syndicate کو خود chair کیا تھا۔ وہاں پر مسئلہ یہ ہے کہ وہاں full professors نہیں ہیں کیونکہ اُس کے statutes پہلے پاس نہیں ہوئے ہوئے تھے ابھی 6/7 ماہ پہلے approve ہوئے ہیں تو اب full professors کی hiring process چل رہا ہے کیونکہ dean appoint ہونے کے لئے full professor ہونا ضروری ہے۔ ایک تو ہم نے کہا ہے کہ VC خود کسی ڈیپارٹمنٹ کا charge نہ لے اور acting charge کو جلد از جلد ختم کر کے مستقل deans لگائے جائیں۔ معزز ممبر کی نظر میں کوئی specific معاملہ ہے جس میں قانون کی کوئی خلاف ورزی ہو رہی ہے تو یہ identify کر دیں ہم اُنہیں نوٹس بھیج دیتے ہیں۔

**جناب محمد طاہر پرویز:** جناب چیئرمین! فیصل آباد یونیورسٹی کے 3 ڈیپارٹمنٹس میں junior لوگوں کو senior لوگوں کے اوپر تعینات کر دیا گیا ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ اس سے درخواست بازی شروع ہوتی ہے اور پھر یونیورسٹی کی performance میں جب issue آتا ہے تو پھر بہت زیادہ مسائل پیدا ہو جاتے ہیں۔ میں وزیر موصوف کا ایک تو شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے service statutes کے لئے اپنی خدمات پیش کی ہیں اور بہت زیادہ محنت کر کے اس یونیورسٹی کے service statutes بنوائے ہیں لیکن بات یہ ہے کہ service statutes بننے کے بعد جس رفتار کے ساتھ کام ہو رہا تھا اُس رفتار کو روکا جا رہا ہے۔ جب service statutes بن چکے ہیں تو پوری یونیورسٹی کی ایک لسٹ بنتی ہے جو رجسٹرار کے پاس موجود ہوتی ہے لیکن کیا وجہ ہے کہ ایسے فیصلے کئے جا رہے ہیں جس سے senior لوگوں کی دلآزاری بھی ہو رہی ہے اور یونیورسٹی کی performance میں بھی فرق آ رہا ہے؟

**جناب چیئرمین:** جی، وزیر ہائر ایجوکیشن! اس مسئلے کو دیکھیں۔

**وزیر ہائر ایجوکیشن (جناب یاسر ہمایوں):** جناب چیئرمین! جی، اس مسئلے کو میں دیکھ لیتا ہوں اور دوسرا اس بات کو بھی دیکھنا پڑے گا کہ یونیورسٹی کا لاء کیا کہتا ہے کیونکہ کچھ یونیورسٹیز کے لاء کے مطابق کیس کو چانسلر کے پاس بھجوانا ضروری ہوتا ہے اور diligence ہو جاتی ہے on the way to the Chancellor اور کچھ یونیورسٹیز کے syndicate نے ہی final کرنا ہوتا ہے۔ میرے علم کے مطابق تو اس یونیورسٹی نے بھی کوئی permanent ڈین تعینات نہیں ہے اس کا صرف چارج دیا ہو گا۔ بہر حال جو یہ کہہ رہے ہیں میں ان سے ان تمام کے نام نوٹ کر لیتا ہوں اور .we look into it

**جناب چیئرمین:** جی، اگلا سوال محترمہ ربیعہ نصرت کا ہے۔۔۔ معزز ممبر موجود نہیں ہیں لہٰذا ان کا سوال نمبر 7811 dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال جناب محمد نواز چوہان کا ہے۔ جی، چوہان صاحب!

**جناب محمد نواز چوہان:** جناب چیئرمین! شکریہ۔ میرا سوال نمبر 7744 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## گوجرانوالہ پی پی۔55 میں کالجز کی تعداد، سہولیات، خالی اسامیاں اور مختص کردہ رقم سے متعلقہ تفصیلات

**7744* جناب محمد نواز چوہان:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ :

(الف) پی پی۔55 گوجرانوالہ میں کون کون سے کالج ہیں ان کے نام مع طالب علموں کی تعداد اور ان کی بلڈنگ کی تفصیل دی جائے؟

(ب) ان کالجوں میں کون کون سی سہولیات ناکافی ہیں ان کی تفصیل دی جائے؟

(ج) ان کے لئے موجودہ مالی سال 22-2021 میں کتنی رقم مختص کی گئی ہے تفصیل کالج وائز بتائیں؟

(د) ان کالجوں میں کون کون سی سہولیات اس سال مہیا کی جائیں گی؟

(ہ) ان کالجوں میں خالی اسامیوں کی تفصیل عہدہ، گریڈ وائز بتائیں اوران کو پُرنہ کرنے کی وجوہات بھی بتائیں؟

(و) کیا حکومت اس حلقہ کی آبادی کے مطابق اس میں مزید کالج بنانے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات بتائیں؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) پی پی۔55 گوجرانوالہ میں فی الوقت کوئی کالج نہ ہے۔ضمیمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ایضاً۔

(ج) ایضاً۔

(د) ایضاً۔

(ہ) ایضاً۔

(و) پی پی۔55 کے 5 کلومیٹر ریڈیس کے اندر مندرجہ ذیل کالجز موجود ہیں۔

1۔گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین صغیر شہید پارک نوشہرہ روڈ گوجرانوالہ۔

2۔گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ۔

3۔گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین کالج روڈ گوجرانوالہ۔

4۔گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین کالج روڈ گوجرانوالہ۔

5۔گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج کامرس نوشہرہ روڈ گوجرانوالہ۔

جیسا کہ اوپر وضاحت کی گئی ہے کہ مندرجہ بالا 5 کالجز اس حلقہ سے 5-10 کلو میٹر فاصلے پر موجود ہیں جو اس حلقہ کی آبادی کی تعلیمی ضروریات کو پورا کر رہے ہیں۔مزید برآں اس حلقے میں نئے کالج کے قیام کے لئے اگلے مالی سال میں feasibility اور فنڈز کی فراہمی کی بنیاد پر تجویز دے دی جائے گی۔

**جناب چیئرمین:** کوئی ضمنی سوال ہے؟

**جناب محمد نواز چوہان:** جناب چیئرمین! میں نے سوال کیا تھا کہ پی پی۔55 گوجرانوالہ میں کون کون سے کالج ہیں ان کے نام مع طالب علموں کی تعداد اور ان کی بلڈنگ کی تفصیل دی جائے؟ اور اس کے جواب میں محکمہ نے یہ پانچ کالجز کے نام لکھے ہیں لیکن ان میں سے ایک بھی کالج ایسا نہیں ہے جو میرے حلقے میں ہو۔ اس کے بعد جز (ب) میں انہوں نے خود اعتراف کیا ہے کہ پی پی۔55 گوجرانوالہ میں کوئی کالج نہ ہونے کی وجہ سے سہولیات کی تفصیل نہ ہے۔ اس کے ساتھ جز (ج) میں پی پی۔ 55 گوجرانوالہ میں بھی کالجز نہ ہونے کی وجہ سے مالی سال 2021/22 کی رقم کی تفصیل نہ ہے۔ اس کے بعد اگلے جز میں بھی یہی بات کہہ رہے ہیں کہ پی پی۔55 گوجرانوالہ میں کوئی بھی کالجز نہ ہونے کی وجہ سے اس سال کوئی بھی سہولت مہیا نہیں کی جائے گی۔ اگلے جز میں بھی اسی طرح کہا گیا ہے کہ پی پی۔55 گوجرانوالہ میں کوئی بھی کالجز نہ ہونے کی وجہ سے خالی اسامیوں کی تعداد نہ ہے۔ میں اس کو کیا سمجھوں کہ جو سوال میں نے کیا ہے کیا مجھے اس کا جواب مل گیا ہے؟ منسٹر صاحب! مجھے بتایا جائے کیونکہ مجھے تو لگتا ہے کہ انہوں نے گھر بیٹھے ہی اس کا جواب دے دیا ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، منسٹر صاحب!

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب چیئرمین! ان کے سوال میں پوچھا گیا تھا کہ پی پی۔55 میں کوئی کالج ہے کہ نہیں ہے؟ جب وہاں کالج ہی نہیں ہے تو پھر obviously تمام سوالوں کا یہی جواب بنتا ہے اور اس سوال کے آخری جز میں پوچھا گیا ہے کہ اس کے پانچ کلو میٹر کے اندر کون کون سے کالجز موجود ہیں؟ تو میں اس پر عرض کر دوں کہ یقیناً جب کالجز بنائے جاتے ہیں تو constituency کو دیکھ کر نہیں بنائے جاتے بلکہ ایک تحصیل کو اور ایک ضلع کو دیکھ کر بنائے جاتے ہیں لہٰذا اس میں ابھی تک تو کوئی کالج نہیں بنا اور اگر future میں ان کی constituency میں کوئی سکیم آئی جو کہ مجھے نہیں لگتا کہ اس گورنمنٹ میں آئے گی کیونکہ ہمارا tenure ختم ہونے والا ہے۔ میں یہاں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کوئی بھی نئی سکیم حکومت کے شروع میں ہی آتی ہے اس وقت تو کوئی ایسی سکیم نہیں آ رہی۔ میں نے جو جواب دینا ہوتا ہے وہ situation کو دیکھ کر ہی دینا ہوتا ہے لہٰذا اس وقت تو کوئی کالج نہیں ہے۔ میرے پاس تو اس کا یہی جواب ہے۔

**جناب چیئرمین:** اس وقت وہاں پر کوئی کالج موجود نہیں ہے۔

**جناب محمد نواز چوہان:** جناب چیئرمین!اس سوال کے آخر میں محکمہ نے خود لکھا ہے کہ اگر حکومت ارادہ رکھتی ہو تو پی پی۔55 میں نیا کالج کھولا جاسکتا ہے۔ان کی بات پر یقین کروں یا ان کے جواب پر یقین کروں کیونکہ انہوں نے جواب کے آخر میں یہ بھی لکھا ہے کہ پی پی۔55 میں درج ذیل سکول واقع ہیں اس میں انہوں نے تین نام لکھے ہیں۔میرا پورا حلقہ رولر اور اربن دونوں علاقوں پر مشتمل ہے اور کم از کم ساڑے چار اور پانچ لاکھ کی آبادی ہے وہاں پر ایک ہائی سکول خیالی میں ہے جس میں چھوٹے بچوں کو شام کو بلایا جاتا ہے اور بڑے بچوں کو صبح میں بلایا جاتا ہے اور اس طرح دو shifts میں ان بچوں کو پڑھایا جارہا ہے کیا یہی طریق کار ہے؟اسی طرح ہمارے ہاں ایسے rural areas ہیں جہاں سے کالج کا فاصلہ 15 کلو میٹر سے بھی زیادہ ہے تو کیا ان کو اسی طرح ignore کیا جائے گا کہ ساڑھے تین سال گزر جانے کے بعد بھی ان کو خیال نہیں آیا۔اس سے پچھلی حکومت میں ہم نے ان سکولوں کو upgrade بھی کروایا اور یہ سکول مڈل سے ہائی سکول ہو چکے ہیں لیکن اب وہاں پر ساڑھے چار پانچ لاکھ کی آبادی ہونے کے بعد ہماری چھوٹی چھوٹی بچیاں کہاں جائیں گی، کہاں پڑھیں گی اور کہاں سے تعلیم حاصل کریں گی۔

**جناب چیئرمین:** جی، آپ سوال کرلیں یہ تو آپ کے remarks ہیں۔ آپ اپنا سوال کرلیں۔

**جناب محمد نواز چوہان:** جناب چیئرمین!محکمہ کی طرف سے جو جواب دیا گیا ہے اسی کا مجھے ان سے جواب لے دیں جو انہوں نے خود کہا ہے کہ اگر حکومت ارادہ رکھتی ہو تو پی پی۔55 میں نیا کالج کھولا جاسکتا ہے۔مجھے یہی بتادیں کہ ان کا ارادہ ہے کہ نہیں ہے؟

**جناب چیئرمین:** جی، منسٹر صاحب!

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب چیئرمین!میں نے تو پہلے بھی عرض کیا ہے کہ ابھی تو یقینی طور پر کوئی ارادہ نہیں ہے۔یہ اپنی جگہ درست فرمارہے ہیں کہ ہر حلقے میں سکول اور کالج ہونے چاہئے لیکن 380 حلقوں کے قریب حلقے ہیں اور تمام حلقوں میں کالجز نہیں ہے کچھ میں ہیں مگر زیادہ تر میں نہیں ہیں۔پچھلی حکومت نے بہت سارے projects رکھے ہوں گے اور جن میں بہت سارے بنے بھی ہوں گے۔ہر حکومت میں کچھ نہ کچھ بنتا ہے اسی طرح ہماری حکومت میں بھی بہت سارے کام کئے ہیں۔آپ نے priorities set کرنی ہوتی ہیں there are

limited resourcesاگر توunlimited resourcesہوں تو شاید ہر حلقے میں کالجز بن جائیں لیکنstep by stepہی بنتے ہیں تو اس حکومت میں جو ہم نے کالجز بنانے تھے ان تمام پر کام ہو رہا ہے اور وہtenureکے آخر تک مکمل بھی ہو جائیں گے اور ان کا کالج تو اب اگلے دور حکومت میں ہی بنے گا اس بار تو نہیں بن سکتا۔

**جناب چیئرمین:** جی، ابھی ان کا ارادہ نہیں ہے۔

**جناب محمد نواز چوہان:** جناب چیئرمین! میں معذرت سے عرض کرنا چاہوں گا کہ ٹھیک ہے جو انہوں نے کہا میں وہ مان لیتا ہوں لیکن انہیں یہ الفاظ واپس لینا چاہئے کہ ہم کالج بنانے کا ارادہ نہیں رکھتے۔ میری یہ ان سے گزارش ہے کہ یہ ان الفاظ کو واپس لے لیں تو میں مطمئن ہو جاتا ہوں۔

**جناب چیئرمین:** چوہان صاحب! اس جواب سے تو آپ کو حلقے میں فائدہ ہو گا۔ اگلا سوال جناب محمد معظم شیر کا ہے۔ جی، معظم صاحب!

**جناب محمد معظم شیر:** جناب چیئرمین! شکریہ۔ میرا سوال نمبر 7828 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## خوشاب: گورنمنٹ گرلز کالج روڈہ کی عمارت کی حوالگی اور کلاسز کے اجراء سے متعلقہ تفصیلات

7828* **جناب محمد معظم شیر:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گورنمنٹ گرلز کالج روڈہ ضلع خوشاب کی تعمیر سال 2018 میں مکمل ہوئی تھی؟

(ب) اس کی تعمیر پر کتنی لاگت آئی تھی کتنے عرصہ میں مکمل ہوئی تھی؟

(ج) یہ عمارت اب کس کے پاس ہے؟

(د) کیا متعلقہ محکمہ سے یہ عمارت محکمہ ہائر ایجوکیشن لینے کا ارادہ رکھتا ہے تو کب تک؟

(ہ) کیا یہ بھی درست ہے کہ اس کی بلڈنگ کے Handover نہ ہونے کی وجہ سے یہ بلڈنگ بند پڑی ہے اور سرکاری خزانہ سے خرچ کردہ لاکھوں روپے کے برباد ہونے کا خدشہ ہے؟

(و) کیا حکومت یہ عمارت محکمہ ہائر ایجوکیشن کے handover کرنے اس کی S.N.E منظور کرنے اور کلاسز کا اجراء کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) گورنمنٹ گرلز کالج روڈہ ضلع خوشاب کی بلڈنگ سال 2021 میں مکمل ہوئی۔

(ب) گورنمنٹ گرلز کالج روڈہ ضلع خوشاب کی بلڈنگ پر کل لاگت 117.918 ملین روپے ہوئی نیز بلڈنگ کی تعمیر 2017 میں شروع ہوئی اور 2020 میں مکمل ہوئی، تاہم بلڈنگ کی finishing کا کام ابھی جاری ہے۔

(ج) اس عمارت میں ابھی بجلی کا کام جاری ہے اس لئے یہ عمارت ابھی تک بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کے پاس ہے۔

(د) جی ہاں! PC-IV کے مکمل ہونے کے بعد یہ بلڈنگ محکمہ ہائر ایجوکیشن کے حوالے کر دی جائے گی۔

(ہ) نہیں یہ بات درست نہ ہے۔ بلڈنگ کے مکمل ہونے کے بعد جیسے ہی محکمہ عمارات اور ڈائریکٹر کالجز PC-IV جمع کروائیں گے بلڈنگ کا تدریسی مقاصد کے لئے استعمال شروع ہو جائے گا۔

(و) جی ہاں! جیسے ہی بلڈنگ Handover ہوتی ہے SNE منظوری کے لئے بھجوا دی جائے گی اور سال 2022 میں کلاسز کا اجراء کر دیا جائے گا۔

**جناب چیئرمین:** کوئی ضمنی سوال ہے؟

**جناب محمد معظم شیر:** جناب چیئرمین! میرا سوال یہ تھا کہ ہمارے حلقہ کا ایک بہت بڑا موضع روڈہ ہے اس کی بہت زیادہ آبادی ہے۔ یہاں پر 2017 میں ایک گورنمنٹ گرلز کالج بننا شروع ہوا تھا اس کو مکمل کب تک کیا جائے گا؟ اس پر انہیں کے محکمے نے تین چار مختلف جوابات دیئے ہیں پہلے

جواب میں کہا گیا کہ یہ کب مکمل ہوا، بعد میں کہا گیا کہ اس کو دوبارہ لیا گیا ہے پھر contradict کیا گیا اور آخر میں اب نہیں ہوا۔ میں معزز منسٹر صاحب سے گزارش کروں گا کہ اگر آپ کو میرے سوال کے جواب کی سمجھ آگئی ہے کہ محکمہ کیا کہنا چاہ رہا ہے کیا یہ کالج مکمل ہوا ہے؟ کیونکہ وہاں کی بچیوں کے لئے یہ ایک اہم کالج ہے اور صرف اس کالج کے مکمل نہ ہونے کی وجہ سے ہزاروں بچیاں تعلیم سے محروم ہو رہی ہیں۔ یہ ایک massive project ہے۔ منسٹر صاحب! آپ بتا دیں آپ کو جواب سمجھ میں آیا کہ یہ مکمل ہوا ہے کہ نہیں ہوا ہے؟

**جناب چیئرمین:** جی، منسٹر صاحب!

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب چیئرمین! اس project کے مختلف processes ہیں اور مختلف محکمے اس میں اپنا اپنا کام کر رہے ہیں۔ اس project میں building کی finishing کا کام C&W کر رہی ہے۔ ان کے سوال کے جواب میں لکھا ہے کہ یہ منصوبہ 2017 میں شروع ہوا اور 2020 میں اس کی بلڈنگ کا کام مکمل ہو گیا۔ اب اس میں بلڈنگ کے کام سے مراد اس کی construction کا کام ہے جو کہ مکمل ہو چکا ہے۔ اس سے اگلے جز میں یہ بجلی کے حوالے سے پوچھ رہے ہیں جس میں بتایا گیا ہے کہ بجلی کا کام ابھی رہتا ہے۔ اس project کا جو infrastructure ہے وہ مکمل ہو چکا ہے۔ اس کے بعد انہوں نے پوچھا ہے کہ عمارت محکمہ ہائر ایجوکیشن لینے کا ارادہ رکھتا ہے تو کب تک؟ تو اس پر میں کہنا چاہوں گا کہ جی ہاں PC4 کے مکمل ہونے کے بعد یہ بلڈنگ محکمہ ہائر ایجوکیشن کے حوالے کر دی جائے گی۔ جیسے ہی بجلی لگ جائے گی تو یہ HED کے پاس آجائے گی۔ اس سال تو کلاسز کا آغاز نہیں ہوا لیکن اگلے Fall Semester سے انشاءاللہ ہو جائے گا جس کا مطلب ہے کہ اگست 2022 میں ان کی کلاسز کا آغاز ہو جائے گا۔

**جناب چیئرمین:** جی، اگست 2022 میں کلاسز لگیں گی۔

**جناب محمد معظم شیر:** جناب چیئرمین! جز (الف) میں یہ کہتے ہیں کہ 2021 میں مکمل ہوا، جز (ب) میں کہتے ہیں کہ 2020 میں ابھی کام جاری ہے، اوپر کہتے ہیں کہ کام مکمل ہو گیا ہے اور بعد میں کہتے ہیں کہ مکمل ہو جائے گا ابھی کچھ کام رہتا ہے۔ اس کے بعد جز (د) میں کہتے ہیں کہ یہ مکمل ہو جانے کے بعد ہائر ایجوکیشن کے حوالے کر دیا جائے گا، اس کا ابھی فیصلہ نہیں ہوا لیکن میری گزارش یہ ہے

کہ عمارت مکمل ہو چکی ہے۔ یہ پراجیکٹ 2017 کا ہے اس کو زیادہ سے زیادہ 2019 میں مکمل کر کے وہاں کلاسز کا اجراء کیا جانا تھا۔ اگر یہ عمارت 2021 میں بھی مکمل ہوئی ہے تو آپ خود سوچیں بلکہ میں معزز ایوان کو بھی کہوں گا کہ سوچے کہ بچیوں کی تعلیم کے لئے ایک کالج ہے جو دو سال میں مکمل ہونا تھا اس کو پانچ سال ہو گئے ہیں۔ وہاں پر ڈیڑھ سال سے بجلی کا issue چل رہا ہے کہ بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ کہتا ہے کہ بجلی آئے گی تو پھر کلاسز لگیں گی اور پھر PC-IV کا process شروع ہو گا۔ میری آپ کے توسط سے وزیر صاحب سے درخواست ہو گی کہ آپ اس معاملے کو سنجیدگی سے لیں اور خود take up کریں۔ آپ حکم دیں کیونکہ بلڈنگ ڈیپارٹمنٹ بھی گورنمنٹ کا ہے۔ اگر یہ نااہلی ہے تو یہ گورنمنٹ کی ہے۔ آپ انہیں حکم دیں۔

**جناب چیئرمین:** معظم شیر صاحب! منسٹر صاحب نے on the floor of the House commitment دی ہے کہ fall 2022 میں کلاسز لگیں گی۔

**جناب محمد معظم شیر:** جناب چیئرمین! اگر یہ commitment پوری ہو جاتی ہے تو یہ بہت بڑی بات ہو گی لیکن یہ ہونی نہیں کیونکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ ابھی تک وہاں بجلی کا مسئلہ ہی حل نہیں ہو سکا۔

**جناب چیئرمین:** انہوں نے اب on the floor of the House commitment دے دی ہے۔

**جناب محمد معظم شیر:** جناب چیئرمین! اگر commitment ہے تو ہم بھی دیکھ لیں گے اور عوام بھی دیکھے گی۔

**جناب چیئرمین:** جی، شکریہ۔ اگلا سوال نمبر 7870 محترمہ حنا پرویز بٹ کا ہے۔ جی، محترمہ!

**محترمہ حنا پرویز بٹ:** جناب چیئرمین! میرا سوال نمبر 7870 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

## ریسرچ ورک کے معیار کو جانچنے کے لئے ادارے کے سربراہ کی تعلیمی قابلیت پی ایچ ڈی ہونے سے متعلقہ تفصیلات

*7870: **محترمہ حنا پرویز بٹ:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ تحقیقی کام (ریسرچ ورک) کو بین الاقوامی معیار پر جانچنے کے لئے ضروری ہے کہ ہر شعبے اور ادارے کا سربراہ اور ہر Faculty کا Dean خود پی ایچ ڈی ہو جو خود تحقیقی کام کے پورے عمل سے گزر چکا ہو؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ ڈاکٹرز، نان ڈاکٹرز کی ماتحتی میں کام کرتے ہوئے احساس محرومی کا شکار رہتے ہیں نیز نان ڈاکٹرز تحقیقی کام کی بہتر طور پر نگرانی بھی نہیں کر سکتے؟

(ج) اگر جزہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو کیا پنجاب یونیورسٹی انتظامیہ مذکورہ ضرورت پر توجہ دینے کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) جی ہاں! یہ درست ہے کہ تحقیقی کام (ریسرچ ورک) کو بین الاقوامی معیار پر جانچنے کے لئے ضروری ہے کہ ہر شعبے اور ادارے کا سربراہ اور ہر Faculty کا Dean خود پی ایچ ڈی ہو جو خود تعلیمی کام کے پورے عمل سے گزر چکا ہو۔ تاہم لاء اینڈ آرٹ اینڈ ڈیزائن کے شعبوں میں ایچ ای سی کی پالیسی کے مطابق پروفیسرز کے لئے پی ایچ ڈی ڈگری لازم نہیں ہے۔

(ب) تمام شعبوں ماسوائے لاء اینڈ آرٹ اینڈ ڈیزائن میں تحقیقی کام کی نگرانی ڈاکٹرز ہی کرتے ہیں۔ نیز پی ایچ ڈی کے تحقیقی کام کی نگرانی ڈاکٹرز ہی کرتے ہیں لہٰذا احساس محرومی کا تصور ہی نہیں ہے۔

(ج) پنجاب یونیورسٹی میں لاء اینڈ آرٹ اینڈ ڈیزائن کے علاوہ دیگر تمام شعبہ جات کے سربراہان پی ایچ ڈی ڈگری ہولڈرز ہیں اور پنجاب یونیورسٹی قواعد و قوانین کے مطابق شعبہ جات کے سربراہان کی تعیناتی سنڈیکیٹ متعلقہ شعبہ کے سینئر پروفیسرز یا ایسوسی ایٹ پروفیسرز میں سے کرتی ہے لہٰذا سینئرز کی موجودگی میں کوئی احساس محرومی کا شکار کیسے ہو سکتا ہے۔ مزید برآں لاء اینڈ آرٹ اینڈ ڈیزائن میں HEC کی پالیسی کے مطابق سربراہان لگائے گئے ہیں جو کہ سینئر ترین ہیں لہٰذا احساس محرومی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

**جناب چیئرمین:** کوئی ضمنی سوال ہے؟

**محترمہ حنا پرویز بٹ:** جناب چیئرمین! میں اپنے سوال کے جواب سے مطمئن ہوں۔

**جناب چیئرمین:** جی، شکریہ۔ اگلا سوال بھی محترمہ حنا پرویز بٹ کا ہے۔ جی، محترمہ!

**محترمہ حنا پرویز بٹ:** جناب چیئرمین! میرا سوال نمبر 7872 ہے۔ جواب پڑھا ہوا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب پڑھا ہوا تصور کیا جاتا ہے۔

**لاہور گورنمنٹ کالجز (بوائز و گرلز) کی تعداد، فنڈز اور خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات**

*7872: **محترمہ حنا پرویز بٹ:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع لاہور میں کون کون سے سرکاری کالجز (بوائز و گرلز) کہاں کہاں ہیں؟

(ب) ان کالجوں کے لئے مالی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 میں کتنی رقم مختص کی گئی تھی؟

(ج) ان مالی سالوں کے دوران ان کالجوں میں کون کون سی سہولیات فراہم کی گئیں اور ان کی مسنگ فسیلٹیز کون کون سی ہیں؟

(د) ان میں کون کون سی اسامیاں کب سے خالی پڑی ہیں؟

(ہ) ٹیچنگ کیڈر کی کتنی اسامیاں خالی ہیں ان کو پُر کرنے کے لئے حکومت کیا اقدامات اٹھا رہی ہے؟

(و) ان کالجوں کی عمارات کی حالت کیسی ہے کیا تمام کالجوں کی عمارات طالب علموں کے لئے کافی ہیں مزید کہاں کہاں عمارت تعمیر کرنے کی ضرورت ہے؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) ضلع لاہور کے سرکاری کالجز (بوائز و گرلز) 62 ہیں۔ ان کالجز میں سے 09 کالجز خود مختار ہیں جبکہ 05 کامرس کالجز ہیں۔

(ب) مالی سال 19-2018، 20-2019 اور 21-2020 میں ان کالجز کے لئے مختص کی گئی رقم کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| **مالی سال** | **غیر ترقیاتی بجٹ** |
|---|---|
| 2018-19 | 5157.464 ملین روپے |
| 2019-20 | 5368.256 ملین روپے |

2020-21 5521.054 ملین روپے

(ج) مذکورہ بالا تین مالی سال کے دوران ضلع لاہور کے 12 کالجوں کو ترقیاتی بجٹ کی مد میں مسنگ فسیلٹیز فراہم کی گئیں جن کی تفصیلات درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | مالی سال | تعداد کالج | فراہم کی گئی رقم |
|---|---|---|---|
| 1۔ | 2018-19 | 03 | 172.107 ملین روپے |
| 2۔ | 2019-20 | 06 | 460.121 ملین روپے |
| 3۔ | 2020-21 | 03 | 288.014 ملین روپے |
| کل رقم | | | 920.242 ملین روپے |

(College-wise) مہیا کی گئی مسنگ فسیلٹیز کی تفصیل ضمیمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) ضلع لاہور کے کالجز میں (سکیل 01 تا سکیل 04) کی کل 260 اسامیاں 2018 سے ہیں اور (سکیل 05 تا سکیل 16) کی کل 331 اسامیاں 2009 سے خالی ہیں جن کے خالی ہونے کی وجہ حکومت کی طرف سے بھرتیوں پر لگائی گئی پابندی ہے۔ تاہم امسال حکومت پنجاب نے محکمہ اعلیٰ تعلیم کو سکیل 05 سے 15 میں 1305 خالی اسامیوں پر بھرتی کی اجازت دے دی ہے جس پر بھرتی کا عمل جلد شروع کیا جارہا ہے۔

(ہ) ضلع لاہور میں مرد اور خواتین کی 476 اسامیاں خالی ہیں ان اسامیوں کو پُر کرنے کے لئے ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے پورے پنجاب میں 2450 لیکچرار کی ریگولر بھرتی کا عمل شروع کیا ہوا ہے جو کہ آخری مراحل میں ہے اور ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں مزید 3423 لیکچرار بھرتی کرنے کی ریکوزیشن پنجاب پبلک سروس کمیشن کو بھیج دی گئی ہے ضمیمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ جن میں سے 1731 خالی اسامیوں کا اشتہار کمیشن نے مورخہ 21-12-02 کو شائع کر دیا ہے اس کے ساتھ پنجاب کے کالجز میں خالی اسامیوں کو پُر کرنے کے لئے گورنمنٹ نے حال ہی میں CTIs (کالج ٹیچنگ انٹرنیز) کی بھرتی کا عمل بھی شروع کیا ہوا ہے جو تکمیل کے مراحل میں ہے۔

(و) ان کالجوں میں سے زیادہ تر کی عمارات تسلی بخش حالت میں ہیں، تاہم جن کالجوں میں عمارات کی اشد ضرورت تھی وہ اسی سال مہیا کی جارہی ہیں، جن کی تفصیلات ضمیمہ (ج) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ مزید بر آں جہاں جہاں عمارات کی تعمیر و توسیع کی ضرورت ہے ان کو ترجیحاتی بنیادوں پر فنڈز کی فراہمی کے مطابق آئندہ مالی سال کے ترقیاتی بجٹ میں تجویز کیا جائے گا۔ ان کی تفصیلات ضمیمہ (د) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

**جناب چیئرمین:** کوئی ضمنی سوال ہے؟

**محترمہ حنا پرویز بٹ:** جناب چیئرمین! میں اپنے سوال کے جواب سے مطمئن ہوں۔

**جناب چیئرمین:** جی، شکریہ۔ اگلا سوال محترمہ شازیہ عابد کا ہے۔۔۔ موجود نہیں ہیں لہٰذا اس سوال نمبر 7879 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا سوال چودھری افتخار حسین چھچھر کا ہے۔۔۔ موجود نہیں ہیں لہٰذا اس سوال نمبر 7896 کو بھی dispose of کیا جاتا ہے۔ اب وقفہ سوالات ختم ہوا۔

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب چیئرمین! اگر کوئی سوال رہ گیا ہے تو اس کو ایوان کے میز پر رکھا تصور کیا جائے۔

**جناب چیئرمین:** جی، کوئی سوال نہیں رہا سارے ہو گئے ہیں۔

## نشان زدہ سوالات اور ان کے جوابات

### (جو ایوان کی میز پر رکھے گئے)

### پنجاب یونیورسٹی میں زراعت اور زرعی مارکیٹنگ سے متعلقہ کورسز یا ڈگری کے اجراء سے متعلقہ تفصیلات

*5917: **محترمہ رابعہ نسیم فاروقی:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) پنجاب یونیورسٹی میں زراعت سے متعلقہ کون سے کورس یا ڈگری دی جاتی ہے اس کی تفصیل بیان فرمائیں؟

(ب) کیا پنجاب یونیورسٹی میں زرعی مارکیٹنگ کے متعلق بھی کوئی ڈگری یا ڈپلومہ کرایا جاتا ہے؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) پنجاب یونیورسٹی شعبہ ایگریکلچر سائنسز میں زراعت سے متعلقہ درج ذیل کورسز یا ڈگری دی جاتی ہیں۔

1۔ پلانٹ پیتھالوجی (Plant Pathology)

2۔ اینٹامالوجی (Entomology)

3۔ ہارٹیکلچر (Horticulture)

4۔ فوڈ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (Food Science & Technology)

5۔ ایگرونومی (Agronomy)

6۔ پی ایچ ڈی (زرعی سائنسز) Agricultural Science(Ph.D)

(ب) پنجاب یونیورسٹی میں تاحال ایگریکلچرل مارکیٹنگ میں کوئی ڈگری / ڈپلومہ نہیں کروایا جاتا۔ تاہم مستقبل قریب اس قسم کی ڈگری / ڈپلومہ کے اجراء کا امکان ہے۔

## رحیم یار خان: پی پی۔265، 264 اور 266 میں گرلز کالج کی تعداد سے متعلقہ تفصیلات

*6307: **جناب ممتاز علی**: کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) حلقہ پی پی۔264، 265 اور 266 میں گرلز کالجز کی تعداد کیا ہے حلقہ وائز تفصیل بیان فرمائیں؟

(ب) ان کالجز میں تدریسی اور غیر تدریسی عملہ کی منظور شدہ اور خالی اسامیوں کی تعداد بیان فرمائیں؟

(ج) حکومت ان خالی اسامیوں پُر کب تک بھرتی کا ارادہ رکھتی ہے نہیں تو وجوہات سے آگاہ فرمائیں؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) حلقہ پی پی۔ 264، 265 اور 266 میں گرلز یا بوائز کالجز واقع نہیں ہے۔

(ب) حلقہ پی پی۔ 265، 264 اور 266 میں گرلز یا بوائز کالجز واقع نہیں ہے۔

(ج) حلقہ پی پی۔ 265، 264 اور 266 میں گرلز یا بوائز کالجز واقع نہیں ہے۔

## پنجاب یونیورسٹی لاء کالج میں ٹیچنگ کیڈر کی منظور شدہ اسامیاں اوران پر تعیناتی سے متعلقہ تفصیلات

*7345: **محترمہ شازیہ عابد:** کیاوزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) پنجاب یونیورسٹی لاء کالج میں اسسٹنٹ پروفیسر، ایسوسی ایٹ پروفیسر اور پروفیسر کی کل کتنی منظور شدہ اسامیاں ہیں نیز بالترتیب ان کی Qualification اور تعیناتی کا کیا criteria ہے؟

(ب) کیایہ درست ہے کہ اقربا پروری کے تحت درج بالا اسامیوں پر ایسے بندوں کونوازا گیا ہے جن کی نہ qualification پوری ہے اور نہ ہی طے شدہ criteria fulfill کیا گیا ہے؟

(ج) اگر جز(ب) کا جواب درست ہے تو ایسے کتنے لوگوں کو غیر قانونی طور پر نوازا گیا ہے نیز ان نوازے گئے اور نوازنے والوں کے خلاف کیا کارروائی کی گئی ہے؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) پنجاب یونیورسٹی لاء کالج میں اسسٹنٹ پروفیسر کی (17)، ایسوسی ایٹ پروفیسر کی (5) اور پروفیسر کی بھی (5) منظور شدہ اسامیاں ہیں۔ بجٹ کی تفصیل ضمیمہ (الف) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔ ان تدریسی اسامیوں پر تقرری کے لئے ہائر ایجوکیشن کمیشن کی تجویز کردہ شرائط برائے اہلیت لاگو کی گئی ہیں۔ مذکورہ شرائط / معیار برائے اہلیت ضمیمہ (ب) ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) نہیں۔ پنجاب یونیورسٹی لاء کالج میں کی جانے والی تمام تقرریاں میرٹ پر کی گئی ہیں جو کہ ہائر ایجوکیشن کمیشن کے مقرر کردہ معیار کے عین مطابق ہیں۔ اس سلسلے میں کسی بھی قسم کا قانون سے انحراف نہیں کیا گیا۔

(ج) جز (ب) میں جواب ملاحظہ فرمائیں۔

## شیخوپورہ پی پی۔141 میں بوائزاور گرلز کالجز کی تعداد، سہولیات کی فراہمی اور خالی اسامیوں سے متعلقہ تفصیلات

*7666: **جناب محمود الحق**: کیاوزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) پی پی۔141 مانانوالہ ضلع شیخوپورہ میں کتنے کالجز بوائزو گرلز ہیں ان کے نام، اوران میں طالب علموں کی تعداد بتائیں؟

(ب) ان کالجوں کے لئے مالی سال 21-2020 میں کتنی رقم مختص کی گئی تھی اور مالی سال22 - 2021 میں کتنی رقم ان کے لئے مختص کی گئی ہے؟

(ج) مالی سال 21-2020 میں ان کالجوں میں کون کون سی سہولیات فراہم کی گئیں اور موجودہ مالی سال22-2021 میں کون کون سی سہولیات فراہم کی جائیں گی؟

(د) ان کالجوں میں کون کون سی اسامیاں خالی ہیں؟

(ہ) یہ اسامیاں کب سے خالی ہیں اوران کو پُرنہ کرنے کی وجوہات کیاہیں؟

(و) کیا حکومت ان کالجوں کی تمام مسنگ فسلٹیز فراہم کرنے اور خالی اسامیاں پُر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے توکب تک؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) پی پی۔141 مانانوالہ ضلع شیخوپورہ میں صرف ایک ہی کالج ہے جس کانام گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین بھیکی ہے۔کالج میں650طالبات تعلیم حاصل کررہی ہیں۔

(ب) مالی سال 21-2020میں غیر ترقیاتی بجٹ کی مد میں 141.924 ملین روپے مختص کئے گئے۔ جبکہ موجودہ مالی سال22-2021 میں پہلی سہ ماہی (جولائی تا ستمبر) 8.850 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔ان فنڈز کے ذریعے اساتذہ اور دیگر کالج ہذا کے عملہ کی تنخواہیں اور کالج کے دیگر اخراجات کو مکمل کیاجاتاہے۔

(ج) مالی سال 21-2020 میں طالبات کے لئے فرنیچر، کھیلوں کا میدان اور پینے کے لئے صاف پانی کی سہولیات میسر کی گئیں اور موجودہ مالی سال22-2021 میں کالج کی دیوار تعمیر کی گئی۔

(د) متذکرہ بالا کالج میں تدریسی عملہ کی خالی اسامیوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**تفصیل برائے تدریسی عملہ:-**

| نمبر شمار | اسامی کا نام | گریڈ | منظور شدہ | پُر شدہ | خالی اسامیاں |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | لیکچرار | 17 | 08 | 01 | 07 |
| 2۔ | اسسٹنٹ پروفیسر | 18 | 03 | 00 | 03 |
| کل تعداد | 11 | 01 | 10 | | |

**تفصیل برائے غیر تدریسی عملہ:-**

| نمبر شمار | اسامی کا نام | گریڈ | منظور شدہ | پُر شدہ | خالی اسامیاں |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | ہیڈ کلرک | 16 | 01 | 00 | 01 |
| 2۔ | جونیئر کلرک | 11 | 02 | 00 | 02 |
| 3۔ | کیئر ٹیکر | 09 | 01 | 00 | 01 |
| 4۔ | لیکچرار اسسٹنٹ/لائبریری | 07 | 03 | 00 | 03 |
| 5۔ | کلرک لیب اٹینڈنٹ/خاکروب | 01 | 07 | 05 | 02 |
| کل تعداد | 14 | 05 | 09 | | |

(ہ) 10 تدریسی اور 09 غیر تدریسی عملہ کی اسامیاں خالی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**تفصیل برائے تدریسی عملہ:-**

| اسامی کا نام گریڈ | مضمون | کب سے خالی ہے |
|---|---|---|
| لیکچرار(BS-17) | فزکس | 22.12.2018 |
| لیکچرار(BS-17) | ریاضی | 29.8.2018 |
| لیکچرار(BS-17) | ایجوکیشن | 07.9.2016 |
| لیکچرار(BS-17) | اسلامیات | 24.1.2019 |
| لیکچرار(BS-17) | فزیکل ایجوکیشن | 11.8.2014 |
| لیکچرار(BS-17) | پولیٹیکل سائنس | 13.4.2019 |
| لیکچرار(BS-17) | اردو | 04.12.2020 |
| اسسٹنٹ پروفیسر(BS-18) | انگریزی | 27.4.2018 |
| اسسٹنٹ پروفیسر(BS-18) | اردو | 01.9.2015 |

اسسٹنٹ پروفیسر (BS-18) نفسیات 23.8.2016

تفصیل برائے غیر تدریسی عملہ:-

| نمبر شمار | اسامی کا نام | گریڈ | خالی اسامیاں | کب سے خالی ہیں |
|---|---|---|---|---|
| 1۔ | ہیڈ کلرک | BS-16 | 01 | 29.2.2020 |
| 2۔ | جونیئر کلرک | BS-11 | 02 | 24.4.2015اور 11.11.2019 |
| 3۔ | کیئر ٹیکر | BS-09 | 01 | 17.1.2015 |
| 4۔ | لیکچرار اسسٹنٹ /لائبریری کلرک | BS-07 | 03 | 24.4.2015 |
| 5۔ | لیب اٹینڈنٹ/خاکروب | BS-01 | 02 | 10.8.2021اور 06.7.2021 |

یہاں اس بات کی وضاحت ضروری ہے کہ یہ کالج Hard Area میں موجود ہے جہاں پر خواتین کی آمدورفت کے بہت مسائل ہیں تاہم طلباء کی تدریسی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے ہر سال مقامی سطح پر CTIs کو بھرتی کیا جاتا ہے جس سے طلباء کا تعلیمی حرج نہیں ہوتا۔

(و) گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین بھیکی کی عمارت کی تفصیل درج ذیل ہے:-

1۔کلاس روم 12عدد 2۔لیبارٹریز 06عدد 3۔ کھیل کا میدان 01عدد

اس کالج میں مزید کمپیوٹر لیب اور ملٹی پرپز ہال کی ضرورت ہے۔ اس مقصد کے لئے موجودہ مالی سال 22-2021 میں 500 ملین روپے کی مالیت کا ایک بلاک مختص کیا گیا ہے جس سے اس کالج کی ضروریات کو ترجیحاتی بنیادوں پر پورا کرنے کی کوشش کی جائے گی۔مزید برآں کالجز میں تدریسی عملہ کی بھرتی کا عمل پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے شروع کیا جا چکا ہے۔اس سلسلے میں کمیشن کی سفارشات موصول ہو رہی ہیں اور خالی اسامیوں پر بھرتی جلد ہی مکمل کر لی جائے گی۔

## پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن کی طرف سے اساتذہ کے لئے تربیتی اکیڈمی کے قیام سے متعلقہ تفصیلات

*7811: **محترمہ ربیعہ نصرت:** کیا وزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ پنجاب ہائر ایجوکیشن کی جانب سے اساتذہ کے لئے تربیتی اکیڈمی کے قیام کے منصوبے کا آغاز نہیں ہو سکا اگر ہاں تو وجوہات سے آگاہ فرمائیں؟

(ب) مذکورہ بالا تربیتی اکیڈمی کے لئے کل کتنا بجٹ مختص کیا گیا ہے نیز کیا اکیڈمی کے قیام کے لئے فنڈز کا اجراء کیا جا چکا ہے؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن نے ایم او یو کے تحت یونیورسٹی آف ایجوکیشن میں عارضی اکیڈمی قائم کی اگر ہاں تو اس سے متعلقہ تفصیلات سے آگاہ فرمائیں؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) یہ درست نہیں ہے ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے اساتذہ کی تربیت کے لئے "سنٹر فار کالج فکلٹی ڈویلپمنٹ" پر پی سی ون بنا دیا گیا ہے جو کہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے منظور ہو گیا ہے

(ب) 550 ملین کی لاگت کا "سنٹر فار کالج فکلٹی ڈویلپمنٹ" پی سی ون منظور ہے جس کے لئے مالی سال 22-2021 میں سے 90 ملین بجٹ اکیڈمی کے قیام کے لئے مختص کیا گیا ہے۔

(ج) پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن (پی ایچ ای سی) نے حکومت کے سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے سال 17-2016 کی سکیم کے منصوبے "پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن سٹاف ڈویلپمنٹ اکیڈمی" کی عملداری کے لئے یونیورسٹی آف ایجوکیشن کے ساتھ ایک ایم او یو کے تحت پراجیکٹ کے پی سی ون کے مطابق اکیڈمی قائم کی۔ اس اکیڈمی نے تین سال کے عرصہ میں انفراسٹرکچر اور سہولیات کی فراہمی کے علاوہ 33 تربیتی ورکشاپس کا انعقاد کیا گیا جس میں کل 1898 اساتذہ کرام نے شرکت کی۔ جبکہ پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن نے کورونا وباء کے دوران اپنے بجٹ سے کل 125 آن لائن تربیتی ورکشاپس کا انعقاد کیا جس میں کل 6847 اساتذہ نے شرکت کی۔

## صوبہ بھر کی یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم طلبہ وطالبات کا ڈگری ویریفکیشن میں مشکلات سے متعلقہ تفصیلات

*7879: **محترمہ شازیہ عابد:** کیاوزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبہ بھر میں پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر یونیورسٹیز بھی گومگو کا شکار ہیں کہ وہ پاکستان ہائر ایجوکیشن یا پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن کے احکامات پر عمل کریں؟

(ب) صوبہ بھر کی یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم طلباء وطالبات کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑرہا ہے کہ وہ ڈگریز تعلیمی قابلیت کس ادارے سے ویریفکیشن کروائیں؟

(ج) پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن محکمہ کی کل کتنی اسامیاں منظور شدہ ہیں ان میں کتنی فل اور کتنی Vacant ہیں کتنے ڈیپوٹیشن پر ملازمین کس کس عہدہ وگریڈ پر کام کررہے ہیں تفصیل بتائی جائے؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن اور ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان اپنے اپنے دائرہ اختیار میں واضح اختیارات کے تحت کام کرتے ہیں۔ تمام یونیورسٹیز، پرائیویٹ و پبلک سیکٹر ماسوائے ڈگریوں کی تصدیق وپروگرامز کی افلییشن کے دیگر تمام امور میں پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن کو جواب دہ ہیں۔

(ب) ملک کے تمام اعلی تعلیمی اداروں کی ڈگریوں کی تصدیق کا دائرہ اختیار ہائر ایجوکیشن کمیشن پاکستان کے پاس ہے۔

(ج) پنجاب ہائر ایجوکیشن کمیشن کی کل 104 اسامیاں منظور شدہ ہیں جس میں سے 44 اسامیوں پر ملازمین کام کررہے ہیں اور 60 اسامیاں خالی ہیں۔ پنجاب ایچ ای سی میں کوئی بھی ملازم ڈیپوٹیشن پر نہیں ہے۔ تفصیل ملازمین "ضمیمہ الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

## صوبہ میں سکالرشپ کے تحت تعلیم کے حصول کے لئے بیرون ممالک طلباء کو بھجوائے جانے سے متعلقہ تفصیلات

*7896: **چودھری افتخار حسین چھچھر:** کیاوزیر ہائر ایجوکیشن ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) مالی سال 19-2018 تا مالی سال 22-2021 میں اب تک کتنے طلباء وطالبات کو سکالرشپ دی گئی ہیں؟

(ب) کتنے طلباء کو بیرون ممالک سکالرشپ کے تحت اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے بھیجا گیا ہے؟

(ج) مالی سال 19-2018 تا 22-2021 میں سکالرشپ کی مد میں کتنے فنڈز مختص کئے گئے تھے اور اب تک کتنے خرچ ہوئے ہیں؟

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں):

(الف) مالی سال 19-2018 تا 22-2021 کے دوران PEEF اور اس کے تحت دوسرے مختلف سکالرشپ پراجیکٹ کی طرف سے فراہم کردہ سکالرشپ کی تفصیلات درج ذیل ہے:-

| طلبہ تعداد طالبات | طلباء تعداد | کل تعداد | سال |
|---|---|---|---|
| 27,852 | 4,226 | 32,078 | 2018-19 |
| 9,051 | 5,048 | 14,099 | 2019-20 |
| 15,123 | 8,484 | 23,067 | 2020-21 |
| 38,280 | 11,287 | 49,567 | 2021-22 |

امسال 22-2021 میں مختص کردہ وظائف کے اجراء اور ترسیل کا عمل ابھی جاری ہے۔

(ب) بیرون ملک سکالرشپ کے تحت اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے بھیجے گئے طلباء کی تفصیل:-

| طلبہ تعداد طالبات | طلباء تعداد | کل تعداد | سال |
|---|---|---|---|
| 14 | 12 | 26 | 2018-19 |
| 02 | 02 | 4 | 2019-20 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2020-21 | 15 | 10 | 05 |
| 2021-22 | 18 | 12 | 06 |
| کل تعداد طلباء | 63 | 36 | 27 |

(ج) گزشتہ چار سالوں میں حکومت پنجاب کی طرف سے مختلف سکالرشپ پراجیکٹ کے لئے مختص کردہ رقم، پنجاب ایجوکیشنل انڈومنٹ فنڈ (PEEF) کی بینک آف پنجاب میں کی گئی سرمایاکاری سے قابل استعمال آمدن اور انٹرنیشنل ڈونر کی گرانٹ کی تفصیل (ملین روپے) اور کل خرچ شدہ رقم درج ذیل ہے:-

| سال | حکومت پنجاب کی مختص کردہ رقم | PEEF انڈومنٹ فنڈ آمدن | انٹرنیشنل ڈونر | کل مختص کردہ رقم | کل خرچ |
|---|---|---|---|---|---|
| 2018-19 | 3000 | 1036.53 | 344.47 | 4,381.00 | 4,420.53 |
| 2019-20 | 865 | 1672.80 | 533.45 | 3,071.25 | 2,454.58 |
| 2020-21 | 1032 | 1259.00 | ------ | 2,291.00 | 2,476.03 |
| 2021-22 | 1899 | 1100.00 | 850.00 | 3,849.00 | 3,640.40 |

## پوائنٹ آف آرڈر

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب چیئرمین:** جی، جناب خلیل طاہر سندھو!

## کرسچئن ملازمین کو Christmas سے قبل تنخواہوں کی ادائیگی کا مطالبہ

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب چیئرمین! شکریہ۔ آپ نے مجھے بڑے اہم issue پر بات کرنے کا موقع دیا ہے۔ یہ میری خوش بختی ہے کہ معزز وزیر قانون راجہ بشارت صاحب بھی یہاں پر تشریف فرما ہیں۔ میں سب سے پہلے ان کا شکرگزار ہوں کہ دو چار دن پہلے ایک معاملہ ہوا کہ کچھ لوگوں کا گھر جلایا گیا تھا تو اِنہوں نے بہت ذمہ داری کے ساتھ اس معاملے کو take up کیا اور اب بھی پوری نگرانی کر رہے ہیں۔ میں ان کا انتہائی مشکور ہوں۔ اس معاملہ پر چیف منسٹر صاحب نے بھی notice لیا۔ معلوم نہیں Human Rights and Minority Affairs کا وزیر کون

ہے؟ میں جب وزیر تھا تو ہمارے پاس فنڈ ہوتا تھا کہ جب اس طرح کا کوئی واقعہ ہو تو اس خاندان جس کی ہر چیز اور گھر جلا دیا گیا ان کی مدد کی جائے۔ ان منسٹر صاحب کو کہا گیا تو وہ کہتے ہیں کہ چیف منسٹر تو notice لے ہی لیتے ہیں لیکن میں راجہ صاحب سے گزارش کرتا ہوں یہ سینئر منسٹر ہیں یہ ان کو سمجھائیں کہ ان کے اپنے محکمہ Human Rights and Minority Affairs میں بہت فنڈ ہوتا ہے۔ ایسے واقعات میں دس لاکھ روپے کا specimen یا slandered رکھا ہوا ہے جو دیا جاتا ہے کہ ان بے چارے لوگوں کا جو نقصان ہوا ہے وہ پورا ہو جائے۔ وہ تو بعد میں دیکھا جائے گا کہ مقدمے کا کیا بنا ہے۔

جناب چیئرمین! میں آج ایک اور بات بھی کرنا چاہتا ہوں کہ مختلف شہروں میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کام کر رہی ہے اور بالخصوص فیصل آباد میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ میں چار ہزار ملازمین ہیں۔ ان میں کرسچئن ملازمین کی تعداد 3317 ہے اور 902 مسلم بھائی ہیں۔ یہ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ میں بطور سینٹری ورکرز کام کرتے ہیں۔ عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ پر آپ تو عید مناتے ہیں لیکن یہ ملازمین ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں۔ میری جناب چیئرمین کی وساطت سے راجہ صاحب سے درخواست ہے کہ پچھلے تین سالوں سے ایسا ہو رہا ہے I don't know what is the mysterious mystery کہ یہاں سے نوٹیفکیشن جاری ہو جاتا ہے۔ چیف منسٹر کی طرف سے اور گورنمنٹ کی طرف سے بھی نوٹیفکیشن ہو جاتا ہے۔ راجہ صاحب ہمیشہ اس پر بڑا deep concern لیتے ہیں یہ نوٹیفکیشن ہوا تھا کہ 20۔دسمبر تک ان کو تنخواہ دیں گے لیکن آج جب وہ تنخواہ لینے گئے تو ان کو کہا گیا کہ آپ کو کرسمس کے بعد 29۔دسمبر کو تنخواہ ملے گی۔ وہ لوگ بے چارے جو سارا دن کام کرتے ہیں اور صفائی کرتے ہیں اگر ان کو وقت پر خاص طور پر عید یا کرسمس کے موقع پر بھی تنخواہ نہ ملے تو یہ اچھی بات نہیں ہے۔ پچھلے سال بھی ایسے ہی ہوا تھا اور پھر راجہ صاحب نے ذاتی طور پر indulge کیا تھا اور ان بے چاروں کو تنخواہ مل گئی تھی۔ میری آپ کے توسط سے راجہ صاحب سے گزارش ہے کہ اس مسئلہ کو دیکھیں اور وہاں کے ڈپٹی کمشنر کو کہیں یا جس نے بھی یہ کرنا ہے ان لوگوں کو کرسمس سے پہلے تنخواہ دلوا دیں تاکہ وہ چار ہزار خاندان بھی اپنی گڑیا کے لئے گڑیا خرید سکیں اور اپنے کرسمس کی خوشیاں منا سکیں۔ بہت شکریہ۔

**جناب چیئرمین:** جی، لاء منسٹر صاحب!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی( جناب محمد بشارت راجہ):** جناب چیئرمین! شکریہ۔ معزز رکن نے جو highlight issue کیا ہے تو ان کا فرمانا بالکل درست ہے کہ پچھلے سال بھی یہ مسئلہ سامنے آیا تھا لیکن اس کو حل کر لیا گیا تھا۔ اس وقت متعلقہ منسٹر موجود نہیں ہیں میں ان سے بھی request کر لوں گا اور چیف منسٹر صاحب سے بھی request کر لوں گا۔ We will try to resolve it before Christmas.

**جناب چیئرمین:** جی، انشاءاللہ۔

**جناب سجاد حیدر ندیم:** جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب چیئرمین:** جی، جناب سجاد حیدر!

## گورنمنٹ ڈگری کالج خواتین فاروق آباد کے باہر بیٹھے لوگوں کو جلد از جلد ہٹانے کا مطالبہ

**جناب سجاد حیدر ندیم:** جناب چیئرمین! گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین، فاروق آباد، شیخوپورہ کے باہر کچھ لوگوں نے خیمے لگائے ہوئے ہیں۔ میں نے آج ہی وہاں visit کیا ہے۔ وہ نامعلوم سے لوگ ہیں۔ مجھ سے انتظامیہ نے کہا ہے کہ ان کو وہاں سے ہٹایا جائے۔ میں آپ کے توسط سے وزیر ہائر ایجوکیشن سے گزارش کرتا ہوں کہ as soon as possible انہیں وہاں سے ہٹایا جائے اس سے قبل کہ وہاں کوئی mishap ہو۔ اس کے ساتھ ہی کالج کے راستے کی مرمت ہونے والی ہے اور وہاں صاف پانی کا بھی مسئلہ ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، منسٹر صاحب!

**وزیر ہائر ایجوکیشن (جناب یاسر ہمایوں):** جناب چیئرمین! جو معاملہ انتظامیہ سے متعلق ہے وہ ڈپٹی کمشنر صاحب سے میں بات کر لیتا ہوں کہ ان لوگوں کو وہاں سے ہٹائیں۔ اگر پرنسپل نے وہاں ان کو بٹھایا ہے تو پھر ہم خود ہی ان کو ہٹا دیں گے۔ اگر وہ ویسے وہاں آ کر بیٹھ گئے ہیں تو پھر انتظامیہ ان کو ہٹا دے گی۔

**جناب چیئرمین:** منسٹر صاحب! وہ گرلز کالج ہے اس لئے sensitivity کو ضرور دیکھیں۔

**وزیر ہائر ایجوکیشن** (جناب یاسر ہمایوں): جناب چیئرمین! میں وہاں کے ڈپٹی کمشنر سے بات کر لیتا ہوں۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

**جناب چیئرمین:** جی، شکریہ۔ اب ہم توجہ دلاؤ نوٹس لیتے ہیں۔ پہلا نوٹس نمبر 955 محترمہ حنا پرویز بٹ کا ہے۔

### لاہور مغلپورہ نامعلوم افراد کی فائرنگ سے عارف نامی شہری کی ہلاکت سے متعلقہ تفصیلات

**محترمہ حنا پرویز بٹ:** کیا وزیر اعلیٰ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ روزنامہ "پاکستان" مورخہ 12۔دسمبر 2021 کی خبر کے مطابق لاہور مغلپورہ کے علاقے کینال روڈ پر نامعلوم افراد نے اندھا دھند فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں 45 سالہ عارف نامی شہری موقع پر جاں بحق ہو گیا جبکہ ملزمان ہوئی فائرنگ کرتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے؟

(ب) کیا اس واقعہ کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے تو کس تھانہ اور کن دفعات کے تحت نیز اس واقعہ میں ملوث کتنے افراد کو اب تک گرفتار کیا گیا ہے، اس واقعہ کی اب تک کی مکمل تفتیش سے آگاہ فرمائیں؟

**جناب چیئرمین:** جی، لاء منسٹر صاحب!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! جواب یہ ہے کہ:

(الف) یہ درست ہے کہ یہ وقوعہ سرزد ہوا۔

(ب) اس کا مقدمہ نمبر 21/2646 مورخہ 2021-12-11 بجرم 34/302 ت پ تھانہ مغلپورہ، لاہور درج ہوا اور مقتول ملزمان کا سگا چچا ہے۔

جناب چیئرمین! میں اس وقوعہ کے حوالے سے تھوڑا سا background بتانا چاہتا ہوں کہ ان کا family dispute تھا۔ مقتول نے پہلے ملزمان کے والد کو قتل کیا تھا۔ وہ ضمانت پر رہا ہو کر آیا تھا تو ملزمان نے اس کو قتل کر دیا۔ پولیس CDR حاصل کر کے

ملزمان کے قریب پہنچ چکی ہے۔اس مقدمہ کے حقائق تھوڑے سے مختلف ہیں۔پولیس indirectlyملزمان سے رابطہ میں آچکی ہے انشاءاللہ تعالیٰ وہ گرفتار بھی ہوں گے لیکن ان کا مؤقف یہ ہے کہ یہ FIR درست طور پر درج نہیں کرائی گئی۔حقیقت میں ایک ملزم تھا لیکن چار کو نامزد کر دیا گیا ہے۔اس پر ہمارا ان سے indirectly رابطہ بحال ہو چکا ہے انشاءاللہ تعالیٰ ان کو شامل تفتیش کر کے جو حقائق ہیں ان کے مطابق مقدمہ کو یکسو کر کے چالان عدالت میں پیش کر دیا جائے گا۔ہم اس وقوعہ کو تقریباً resolve کر چکے ہیں۔ان کا مؤقف سننے کے بعد انشاءاللہ تعالیٰ ملزمان کو گرفتار بھی کر لیا جائے گا۔

**جناب چیئرمین:** جی، اس توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب آ گیا ہے اس لئے یہ توجہ دلاؤ نوٹس dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلا توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 958 محترمہ عائشہ اقبال اور محترمہ عظمیٰ کاردار کی طرف سے ہے۔جی، محترمہ عظمیٰ کاردار!

**محترمہ عظمیٰ کاردار:** جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔میرا توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 958 ہے۔

## رحیم یار خان: کوٹ سمابہ میں ماں سمیت تین بیٹیوں کی ہلاکت سے متعلقہ تفصیلات

**محترمہ عظمیٰ کاردار:** کیا وزیراعلیٰ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ 7۔دسمبر 2021 روزنامہ "دنیا" کی خبر کے مطابق رحیم یار خان تھانہ سمابہ کے علاقہ میں بھائیوں نے ماں سمیت تین بہنوں کو غیرت کے نام پر قتل کر دیا؟

(ب) اس بابت ایف آئی آر کی کاپی نیز اس کیس کی موجودہ مکمل صورتحال سے آگاہ فرمائیں؟

**جناب چیئرمین:** جی، لاء منسٹر صاحب!

**وزیر قانون وپارلیمانی امور / امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ):** جناب چیئرمین! شکریہ۔جز (الف) کے جواب میں عرض ہے کہ یہ درست ہے کہ یہ وقوعہ سرزد ہوا اور اس میں چار کس خواتین قتل ہوئیں۔مقتولین کے نام نعیمہ بی بی، سلمیٰ بی بی، ثمن بی بی اور سدرہ بی بی ہیں۔جز (ب) کی بابت عرض ہے کہ اس کیس میں چھ ملزمان کو نامزد کیا

گیا جن میں سے چار کو گرفتار کیا جاچکا ہے۔ ایک ملزم ضمانت پر ہے اور ایک ملزم کی گرفتاری بقایا ہے لہٰذا اس کو بھی اِنشاءاللہ گرفتار کر لیا جائے گا۔

جناب چیئرمین! میں یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس کیس میں ایک خاتون ہی مضروبہ تھی جس کا علاج معالجہ کروا کر اسے دارالامان میں admit کروا دیا ہے تاکہ اُس پر کوئی غیر ضروری pressure نہ ڈالا جاسکے۔ اس کے ساتھ میں یہ بھی عرض کرنا چاہوں گا کہ اس مضروبہ کا دفعہ 164 کے تحت بیان لے لیا گیا ہے، ہم چالان مکمل کر رہے ہیں اور اِنشاءاللہ جلد اس کو عدالت میں پیش کر دیا جائے گا۔ شکریہ

**جناب چیئرمین:** جی، اس کا جواب آ گیا ہے لہٰذا اس توجہ دلاؤ نوٹس کو dispose of کیا جاتا ہے۔

**محترمہ عظمیٰ کاردار:** جناب چیئرمین! بہت شکریہ۔

## پوائنٹ آف آرڈر

**پارلیمانی سیکرٹری برائے زکوٰۃ و عُشر** (جناب محمد شفیق): جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب چیئرمین:** جی، چودھری محمد شفیق!

## زمینداروں کو کھاد کنٹرول ریٹ پر فراہم کرنے کا مطالبہ

**پارلیمانی سیکرٹری برائے زکوٰۃ و عُشر** (جناب محمد شفیق): بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔ یہاں منسٹر زراعت بیٹھے ہیں اس لئے میں اُن کی موجودگی میں کہنا چاہوں گا کہ اس وقت زمینداروں کو بلیک ریٹ پر کھاد مل رہی ہے لہٰذا میں ان سے request کروں گا کہ وہ بتائیں کہ زمینداروں کو یوریا کھاد کس طرح کنٹرول ریٹ پر مل سکتی ہے؟

**جناب چیئرمین:** جی، وزیر زراعت!

**وزیر زراعت** (سید حسین جہانیاں گردیزی): جناب چیئرمین! اگر یہ کسی جگہ پر بلیک کھاد کی نشاندہی کریں گے تو اس پر ہم کارروائی کریں گے۔ پہلے بھی بلیک کھاد کی نشاندہی ہوئی تھی تو ہم نے وہاں پر چھاپے بھی مارے ہیں۔ اس کے علاوہ ہم نے ایک portal بنا دیا ہے جس پر پنجاب کی

فیکٹریوں سے آنے والی مکمل کھاد رجسٹر ہو جاتی ہے اور ہم supervise طریقے سے کھاد کی sale کو دیکھ رہے ہیں لہٰذا شروع میں جو شکایات آئی تھیں اس حوالے سے ہم نے لوگوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے کچھ لوگوں کو جرمانے کئے تھے اور کچھ لوگوں پر FIRs بھی درج ہوئی تھیں۔ چونکہ اب portal پر سارا ریکارڈ سامنے ہوتا ہے اس لئے کوئی بھی شخص کھاد کی distribution کو چیک کر سکتا ہے۔

**جناب چیئرمین:** منسٹر صاحب! یہ پورے پنجاب کی شکایت ہے اور اس حوالے سے ایک تحریک التوائے کار بھی سپیشل کمیٹی نمبر 12 کے پاس under discussion ہے جس کو راجہ بشارت صاحب head کریں گے لہٰذا آپ بھی اس کمیٹی میں تشریف لے آیئے گا۔ یہ ہم سب کا مسئلہ ہے کیونکہ ہم کاشتکار ہیں اور یہ پورے پنجاب کی آواز ہے لہٰذا آپ کو اس میں active role play کرنا پڑے گا۔

**وزیر زراعت** (سید حسین جہانیاں گردیزی): جناب چیئرمین! دراصل issue یہ ہے کہ پنجاب کا جو حصہ بنتا تھا اس سے کم سپلائی فیکٹری سے آتی رہی ہے جس کی وجہ سے مارکیٹ میں stress آیا تھا لیکن جیسے ہی اب سپلائی بہتر ہوئی ہے تو اس میں بہتری آرہی ہے۔

**جناب چیئرمین:** آپ اجازت دیں تو میں تھوڑی عرض کرتا ہوں۔ Speculation یہ ہے کہ کھاد کے ریٹس بڑھ رہے ہیں اور جیسے جیسے کھاد کے ریٹس بڑھیں گے تو hoarding inevitable ہے لہٰذا مہربانی کر کے hoarding کو ختم کروائیں کیونکہ مارچ اپریل تک کھاد کے ریٹس بڑھیں گے۔ ڈی اے پی کھاد کا ریٹ 10 ہزار روپے تک جائے گا لہٰذا جب تک آپ hoarding کو کنٹرول نہیں کریں گے تب تک کاشتکار گندم کا بہتر result آپ کو کیسے دیں گے کیونکہ یہ ہمارا staple food ہے۔

**وزیر زراعت** (سید حسین جہانیاں گردیزی): جناب چیئرمین! اس hoarding کو کنٹرول کرنے کے لئے ہم پوری کوشش کر رہے ہیں۔

**رانا محمد اقبال خان:** جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب چیئرمین:** جی، رانا صاحب!

**رانا محمد اقبال خان:** جناب چیئرمین! آپ ماشاءاللہ خود بھی اس بات کو سمجھتے ہیں اور ہمارے بھائی منسٹر ایگریکلچر خود کاشتکار اور زمیندار بھی ہیں۔ پورے پنجاب میں اس بات کی دُہائی پڑی ہوئی ہے کہ کھاد بلیک ہو رہی ہے۔ پہلے ڈی اے پی کھاد بلیک ہوتی رہی ہے اور اب یوریا کھاد بھی ہو رہی ہے۔ یہ کہتے ہیں کہ ہم نے اس پر کارروائی کی ہے لیکن شاہ صاحب نے اب تک کیا کیا ہے؟ بڑا افسوس ہے کہ منسٹر صاحب کے ہوتے ہوئے کاشتکار کو اتنا نقصان ہو رہا ہے۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! میں عرض کرتا ہوں۔

**جناب چیئرمین:** جی، لاء منسٹر صاحب!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! میں گزارش یہ کرنا چاہوں گا کہ یہ بڑا sensitive معاملہ ہے اور یقینی طور پر زراعت کے پیشہ سے منسلک ہمارے ممبران اس پر بات کرنا چاہتے ہیں۔ ہم نے بزنس ایڈوائزری کمیٹی کی میٹنگ میں طے کیا تھا کہ ہم ایک دن ایگریکلچر پر discussion رکھیں گے۔ چونکہ ایگریکلچر منسٹر صاحب پچھلے دنوں یہاں پر موجود نہیں تھے تو ان کی وجہ سے ہم نے delay کر دیا تھا۔ اپوزیشن کے Chief Whip سے میں مشاورت کر کے آئندہ کسی دن اِنشاءاللہ اس پر بحث کر لیتے ہیں اور یہ ساری باتیں ہم طے کر لیں گے۔ دوسرا آپ نے فرمایا کہ تحریک التوائے کار بھی اس حوالے سے pending ہے تو ہم اسے کمیٹی میں take up کریں گے اور منسٹر صاحب سے کمیٹی میں باقاعدہ input بھی لیں گے لہٰذا میں استدعا کروں گا کہ general discussion اور تحریک التوائے کار کا تھوڑا انتظار کر لیا جائے تو اِنشاءاللہ تعالیٰ اس کا کوئی نہ کوئی حل نکل آئے گا۔

**جناب چیئرمین:** راجہ صاحب! آپ سپیشل کمیٹی نمبر 12 کی میٹنگ جلد convene فرمالیں کیونکہ گندم کا سیزن ہے اور سب کاشتکاروں کا یہ بڑا مسئلہ ہے۔ جناب اویس دریشک ایک قرارداد پیش کرنا چاہتے ہیں۔

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب چیئرمین! پرسوں ہی اس کی میٹنگ رکھ لیتے ہیں۔

**میاں جلیل احمد:** جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب چیئرمین:** میاں صاحب! میں نے اُن کو floor دے دیا ہے اس کے بعد آپ کو ٹائم دیتا ہوں۔

**میاں جلیل احمد:** جناب چیئرمین! آپ کی وساطت سے لاء منسٹر صاحب سے گزارش ہے کہ اس میٹنگ کو emergency base پر رکھ لیں کیونکہ یہ بڑا اہم معاملہ ہے۔

**جناب چیئرمین:** جی، شکریہ۔اب سردار محمد اویس دریشک قواعد کی معطلی کی تحریک پیش کرنا چاہتے ہیں۔جی، سردار صاحب تحریک پیش کریں۔

## قواعد کی معطلی کی تحریک

**سردار محمد اویس دریشک:** جناب چیئرمین! شکریہ۔میں یہ تحریک پیش کرتا ہوں کہ:

"قواعدِ انضباطِ کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کرکے زرعی انکم ٹیکس میں پرانے قانون کے مطابق واجبات کی وصولی میں چھوٹ دینے کے بارے میں قراداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

**جناب چیئرمین:** یہ تحریک پیش کی گئی ہے کہ:

"قواعدِ انضباطِ کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کرکے زرعی انکم ٹیکس میں پرانے قانون کے مطابق واجبات کی وصولی میں چھوٹ دینے کے بارے میں قراداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

**وزیر زراعت** (سید حسین جہانیاں گردیزی): جناب چیئرمین! میں oppose کرتا ہوں۔

**جناب چیئرمین:** منسٹر صاحب! ووٹ تو اُن کے حق میں آیا ہے اور ابھی ویسے بھی وہ قرارداد پیش کرنے کی اجازت لے رہے ہیں۔یہ تحریک پیش کی گئی ہے اور سوال یہ ہے کہ:

"قواعدِ انضباطِ کار صوبائی اسمبلی پنجاب بابت 1997 کے قاعدہ 234 کے تحت قاعدہ 115 اور دیگر متعلقہ قواعد کو معطل کرکے زرعی انکم ٹیکس میں پرانے

قانون کے مطابق واجبات کی وصولی میں چُھوٹ دینے کے بارے میں قراداد پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔"

(تحریک متفقہ طور پر منظور ہوئی)

## قرارداد

**جناب چیئرمین:** محرک اپنی قرارداد پیش کریں۔

### زرعی انکم ٹیکس میں چھوٹ پرانے قانون کے مطابق دینے کا مطالبہ

**سردار محمد اویس دریشک:** جناب چیئرمین! میں یہ قرارداد پیش کرتا ہوں کہ:

"اس ایوان کی رائے ہے کہ زرعی انکم ٹیکس کی بنیادی چُھوٹ 80ہزار روپے سالانہ اور ٹیکس ریٹس 2001 میں متعین کئے گئے تھے اور اُس وقت یہ چُھوٹ اور ریٹس وفاقی انکم ٹیکس کے مطابق تھے۔ بعد ازاں 2001 سے 2019 تک بنیادی چُھوٹ اور ٹیکس ریٹس میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی جبکہ اس دوران وفاقی انکم ٹیکس کی بنیادی چُھوٹ 4لاکھ روپے سالانہ کر دی گئی تھی۔

صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ نمائندہ ایوان وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ زرعی انکم ٹیکس کی وصولی میں پرانے قانون کے مطابق واجبات پر چُھوٹ دی جائے جیسا کہ وفاقی حکومت پہلے کئی بار ٹیکس ایمنسٹی سکیم لا کر چُھوٹ دے چکی ہے جس میں ٹیکس ریٹ دو سے پانچ فیصد تک تھا۔ یہ کہ متعلقہ وزارت کو اس امر کی ہدایت کی جائے کہ اسی طرز کی ایمنسٹی سکیم متعارف کروائے اور چُھوٹ دینے کے احکامات صادر فرمائے۔"

**جناب چیئرمین:** جی، یہ قرارداد پیش کی گئی ہے کہ:

"اس ایوان کی رائے ہے کہ زرعی انکم ٹیکس کی بنیادی چُھوٹ 80ہزار روپے سالانہ اور ٹیکس ریٹس 2001 میں متعین کئے گئے تھے اور اُس وقت یہ چُھوٹ اور ریٹس وفاقی انکم ٹیکس کے مطابق تھے۔ بعد ازاں 2001 سے 2019 تک

بنیادی چھُوٹ اور ٹیکس ریٹس میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی جبکہ اس دوران وفاقی انکم ٹیکس کی بنیادی چھُوٹ 4لاکھ روپے سالانہ کر دی گئی تھی۔

صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ نمائندہ ایوان وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ زرعی انکم ٹیکس کی وصولی میں پرانے قانون کے مطابق واجبات پر چھُوٹ دی جائے جیسا کہ وفاقی حکومت پہلے کئی بار ٹیکس ایمنسٹی سکیم لا کر چھُوٹ دے چکی ہے جس میں ٹیکس ریٹ دو سے پانچ فیصد تک تھا۔ یہ کہ متعلقہ وزارت کو اس امر کی ہدایت کی جائے کہ اسی طرز کی ایمنسٹی سکیم متعارف کروائے اور چھُوٹ دینے کے احکامات صادر فرمائے۔"

یہ قرارداد پیش کی گئی اور سوال یہ ہے کہ:

"اس ایوان کی رائے ہے کہ زرعی انکم ٹیکس کی بنیادی چھُوٹ 80ہزار روپے سالانہ اور ٹیکس ریٹس 2001میں متعین کئے گئے تھے اور اُس وقت یہ چھُوٹ اور ریٹس وفاقی انکم ٹیکس کے مطابق تھے۔ بعد ازاں 2001 سے 2019تک بنیادی چھُوٹ اور ٹیکس ریٹس میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی جبکہ اس دوران وفاقی انکم ٹیکس کی بنیادی چھُوٹ 4لاکھ روپے سالانہ کر دی گئی تھی۔

صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ نمائندہ ایوان وفاقی حکومت سے اس امر کی سفارش کرتا ہے کہ زرعی انکم ٹیکس کی وصولی میں پرانے قانون کے مطابق واجبات پر چھُوٹ دی جائے جیسا کہ وفاقی حکومت پہلے کئی بار ٹیکس ایمنسٹی سکیم لا کر چھُوٹ دے چکی ہے جس میں ٹیکس ریٹ دو سے پانچ فیصد تک تھا۔ یہ کہ متعلقہ وزارت کو اس امر کی ہدایت کی جائے کہ اسی طرز کی ایمنسٹی سکیم متعارف کروائے اور چھُوٹ دینے کے احکامات صادر فرمائے۔"

(قرارداد متفقہ طور پر منظور ہوئی)

(نعرہ ہائے تحسین)

## پوائنٹ آف آرڈر

**محترمہ عظمیٰ کاردار:** جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب چیئرمین:** جی، محترمہ!

## سرگودھا میں دوران ڈیوٹی وفات پانے والے ندیم مسیح کے بچوں کو ریلیف پیکج دینے کا مطالبہ

**محترمہ عظمیٰ کاردار:** جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں نے پچھلے اجلاس میں بھی adjournment Motion کے through یہ معاملہ اٹھانے کی کوشش کی تھی لیکن somehow وہ ایجنڈے میں شامل نہیں ہو سکا۔ ندیم مسیح جو ایک Sanitary Worker تھا اس کی اکتوبر کے آخری ہفتہ سرگودھا میں وفات ہو گئی تھی۔ وہ manhole میں without any protective covering کے گیا جس کی وجہ سے اس کی وفات ہو گئی تھی۔ اس کی بیوہ مریم مسیح کے چھ بچے ہیں۔ وہ بے چاری بہت غریب ہے ان کے چھ کے چھ بچے سکول سے باہر نکال دیئے گئے ہیں۔ غربت کی وجہ سے وہ اس وقت سکول جانے کے قابل بھی نہیں ہیں۔ ان کے لئے DCO سرگودھا نے compensation package بنا کر بھیجا تھا لیکن اس کا ابھی تک کوئی اتا پتا نہیں ہے تو please compassionate grounds پر اس ایوان کے through اگر ان کو compensation package بجھوا دیا جائے تاکہ وہ اپنے بچوں کی کفالت کرنے کے قابل ہو سکیں. Thank you so much.

**جناب چیئرمین:** جی، لاء منسٹر صاحب!

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی (جناب محمد بشارت راجہ):** جناب چیئرمین! میں محترمہ سے جو particulars ہیں وہ لئے لیتا ہوں۔ اگر تو DCO نے جو relief package بنا کر بجھوایا ہے۔ I assure you sir کہ انشاءاللہ تعالیٰ اس کو release کروا دیا جائے گا لیکن اگر نہیں بھی آیا ہو تو پھر بھی I will ask DCO کہ وہ مریم مسیح کا relief package بنا کر بجھوائیں تاکہ ہم ان کو relief package فراہم کر سکیں یہ واقعہ مجھے ذاتی طور پر یاد ہے۔ یہ واقعہ بھی ہوا تھا اور

compensation package بھی announce ہوا تھا لیکن پتا نہیں compensation package کیوں نہیں ابھی تک فراہم کیا گیا۔I will ensure اس پر جلد عملدرآمد ہو جائے گا۔

**جناب چیئرمین:** جی، جناب خلیل طاہر سندھو!

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب چیئرمین! چیف منسٹر صاحب کی طرف سے Human Rights Ministry کے پاس بہت زیادہ فنڈز ہیں۔راجہ صاحب جس طرح آپ کام کرتے ہیں اور چودھری ظہیر صاحب کام کرتے ہیں ان کو بھی کہہ دیجئے کے آپ بھی کام کرلیا کریں۔ Human Rights Ministry صرف title تو نہیں ہے اس میں کام بھی کرنا ہوتا ہے۔

## تحاریک التوائے کار

**جناب چیئرمین:** جی، thank you very much اب ہم تحاریک التوائے کار لیتے ہیں پہلی تحریک التوائے کار نمبر 19/133 شیخ علاؤالدین کی ہے۔موجودہ منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں انہوں نے آج تشریف لانا تھا منسٹر صاحب کی آج کی commitment تھی۔یہ تحریک التوائے کار دومرتبہ pending ہو چکی ہے۔راجہ صاحب اس میں کل تک کا ٹائم رکھ لیتے ہیں۔کل متعلقہ سیکرٹری اور منسٹر صاحب تشریف لائیں گے لہٰذا اس کو ایک دن کے لئے extend کر دیتے ہیں۔

**وزیر قانون و پارلیمانی امور/امداد باہمی( جناب محمد بشارت راجہ):** جناب چیئرمین! میں نے آخری اجلاس میں بھی جو جناب کا حکم تھا اس کو convey کر دیا تھا آج پھر میں سیکرٹری اور منسٹر صاحب کو convey کر دیتا ہوں۔

**جناب چیئرمین:** اگلی تحریک التوائے کا نمبر 19/332 محترمہ رابعہ نسیم فاروقی کی طرف سے move ہو چکی ہے لیکن متعلقہ منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں اس لئے اسے pending کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 19/870 محترمہ مہوش سلطانہ کی طرف سے move ہو چکی ہے لیکن متعلقہ منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں اس لئے اسے pending کرتے ہیں۔اگلی تحریک التوائے کار نمبر 20/194 سید حسن مرتضٰی اور محترمہ شازیہ عابد کی طرف سے move ہو چکی ہے لیکن متعلقہ منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں اس لئے اسے pending کرتے ہیں۔اگلی تحریک التوائے کار

20/307 محترمہ خدیجہ عمر کی طرف سے move ہو چکی ہے لیکن متعلقہ منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں اس لئے اسے pending کرتے ہیں۔

**وزیر قانون وپارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! جو Home Department سے متعلقہ تحاریک التوائے کار ہیں وہ take up کر لیں تاکہ میں ان کا جواب دے دوں اور وہ dispose of ہو جائیں اور جو باقی pending ہیں وہ بعد میں کر لیں گے۔

**جناب خلیل طاہر سندھو:** جناب چیئرمین! باقی منسٹر تو آتے ہی نہیں ہیں جو راجہ صاحب کے متعلقہ تحاریک التوائے کار ہیں وہ تو take up کر لیں تاکہ وہ تو جواب دے دیں۔

**جناب چیئرمین:** جی، ہم sequence سے چل رہے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 20/308 سید حسن مرتضیٰ کی طرف سے move ہو چکی ہے لیکن متعلقہ منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں اس لئے اسے pending کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 20/309 سید حسن مرتضیٰ اور محترمہ شازیہ عابد کی طرف سے move ہو چکی ہے لیکن متعلقہ منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں اس لئے اسے pending کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 20/373 چودھری افتخار حسین چھچھر کی طرف سے move ہو چکی ہے لیکن متعلقہ منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں اس لئے اسے pending کرتے ہیں اگلی تحریک التوائے کار نمبر 20/427 محترمہ سعدیہ سہیل رانا کی طرف سے move ہو چکی ہے متعلقہ منسٹر صاحب موجود ہیں۔ جی، ملک محمد انور صاحب!

## لاہور ڈویژن میں ٹیکس ڈیوٹی میں کروڑوں روپے کی خُورد بُرد کا انکشاف (۔۔۔جاری)

**وزیر مال** (ملک محمد انور): جناب چیئرمین! اس پر ابھی department کا جو view آیا ہے میں نے دیکھا تھا مگر اس میں جہاں جو حقائق ساہیوال ڈویژن کے بارے میں لکھے گئے ہیں اس میں جو بھی آدمی کرپشن میں involved تھے ان کے تمام کے خلاف کارروائی ہوئی ہے اور ان کے کیسز Anti Corruption کو بھیجے گئے ہیں اس وقت کوئی بھی کیس pending نہیں ہے جہاں پر corruption میں کوئی آدمی پکڑا گیا ہو اور اس کے خلاف کوئی کارروائی initiate نہ کی گئی ہو۔

**جناب چیئرمین:** جی، تحریک التوائے کار نمبر 427/20 کو dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 429/20 محترمہ ام البنین علی کی طرف سے move ہو چکی ہے لیکن متعلقہ منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں اس لئے اسے pending کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 435/20 چودھری افتخار حسین چھچھر کی طرف سے move ہو چکی ہے لیکن متعلقہ منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں اس لئے اسے pending کرتے ہیں۔۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 433/20 چودھری افتخار حسین چھچھر کی طرف سے move ہو چکی ہے متعلقہ منسٹر صاحب موجود ہیں۔۔۔جی، منسٹر صاحب!

## مارکیٹ کمیٹی بصیرپور کو مارکیٹ کمیٹی حجرہ شاہ مقیم میں ضم کرنے سے زمینداروں کو مشکلات کا سامنا(۔۔۔جاری)

**وزیر زراعت** (سید حسین جہانیاں گردیزی)**:** جناب چیئرمین! چھچھر صاحب نے تحریک التوائے کار move کی تھی جس کے جواب میں ان کو میں نے یقین دہانی کروائی تھی کہ بصیرپور کی مارکیٹ کمیٹی کو بحال کر دیا جائے گا تو اس حوالے سے نوٹیفکیشن جاری ہو چکا ہے جس کی کاپی اگر فاضل ممبر کو نہیں پہنچی تو میں انہیں پہنچا دوں گا۔

**جناب چیئرمین:** جی، ٹھیک ہے اسے dispose of کیا جاتا ہے۔

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** جناب چیئرمین! پوائنٹ آف آرڈر۔

**جناب چیئرمین:** چھچھر صاحب! آپ نوٹیفکیشن کی کاپی منسٹر صاحب سے لے لیں۔

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔ میں chair کی وساطت سے وزیر موصوف کا شکریہ ادا کرتا ہوں کیونکہ انہوں نے on the floor of the House commitment کی تھی کہ "بصیرپور کی مارکیٹ کمیٹی کو ختم کرکے وہاں کے عوام کے ساتھ ایک زیادتی کی گئی تھی" تو اب اس کی بحالی کا نوٹیفکیشن ہو گیا ہے جس پر میں اپنی اور اپنے دوستوں کی طرف سے منسٹر صاحب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ اسی طرح سب کو توفیق دے کہ floor پر جو commitment ہو وہ پوری ہو جائے۔ Thank you very much

**جناب چیئرمین:** اگلی تحریک التوائے کار بھی چودھری افتخار حسین چھچھر کی طرف سے move ہو چکی ہے لیکن متعلقہ منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں اس لئے اسے pending کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 436 محترمہ حنا پرویز بٹ کی طرف سے محکمہ ہاؤسنگ سے متعلق ہے لیکن منسٹر صاحب موجود نہیں ہیں تو اسے بھی pending کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار چودھری افتخار حسین چھچھر کی ہے لیکن وزیر بلدیات میاں محمود الرشید موجود نہیں ہیں تو اسے بھی pending کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار محکمہ محنت و انسانی وسائل سے متعلق ہے لیکن متعلقہ وزیر صاحب موجود نہیں ہیں تو اسے بھی pending کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 20/754 صحت سے متعلقہ ہے لیکن وزیر صحت موجود نہیں ہیں تو اسے بھی pending کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 20/755 مشترکہ طور پر جناب عبداللہ وڑائچ، محترمہ خدیجہ عمر اور میری طرف سے محکمہ صحت سے متعلقہ ہے لیکن وزیر صحت محترمہ یاسمین راشد موجود نہیں ہیں تو اس کو بھی pending کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 21/1 محترمہ حنا پرویز بٹ کی ہے لیکن متعلقہ وزیر جناب محمد تیمور خان موجود نہیں ہیں تو اسے بھی pending کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار جناب صفدر شاکر کی مواصلات سے متعلقہ ہے لیکن وزیر مواصلات تشریف نہیں رکھتے تو اس کو بھی pending کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار محترمہ عظمیٰ کاردار کی ہے لیکن متعلقہ وزیر سید صمصام علی بخاری تشریف نہیں رکھتے اس لئے اسے بھی pending کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار محترمہ حنا پرویز بٹ کی محکمہ صحت سے متعلقہ ہے لیکن وزیر صحت موجود نہیں ہیں تو اسے بھی pending کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 21/70 چودھری افتخار حسین چھچھر کی ہے لیکن متعلقہ منسٹر صاحب نہیں ہیں تو اسے بھی pending کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوار کار نمبر 21/71 سکولز ایجوکیشن سے متعلقہ ہے لیکن متعلقہ وزیر ڈاکٹر مراد راس نہیں ہیں تو اسے بھی pending کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 21/102 شیخ علاؤالدین کی move ہو چکی ہے لیکن منسٹر صاحب نہیں ہیں تو اسے بھی pending کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار جناب محمد ارشد ملک کی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے حوالے سے ہے لیکن متعلقہ وزیر موجود نہیں ہیں تو اسے بھی pending کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار محترمہ عظمیٰ کاردار کی ہے لیکن متعلقہ وزیر سید صمصام علی بخاری موجود نہیں ہیں تو اسے بھی pending کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار محترمہ

نیلم حیات ملک کی ہے لیکن متعلقہ منسٹر صاحب موجود نہ ہونے کی وجہ سے اسے بھی pending کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار جناب محمد ارشد اور چودھری مظہر اقبال کی محکمہ صحت سے متعلقہ ہے لیکن وزیر صحت موجود نہ ہیں اس لئے اسے بھی pending کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 175/21 جناب منیب الحق کی مواصلات کے حوالے سے ہے لیکن متعلقہ منسٹر صاحب کی عدم موجودگی کی بناء پر اسے بھی pending کیا جاتا ہے۔

لاء منسٹر صاحب! وزیر مواصلات سردار محمد آصف نکئی کی بھی کافی تحاریک التوائے کار pending ہیں تو انہیں بھی کل کے لئے پابند کر دیا جائے کہ وہ آکر جواب دے دیں۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 177/21 جناب ساجد احمد خان کی محکمہ صحت سے متعلقہ ہے لیکن وزیر صحت موجود نہ ہیں تو اسے بھی pending کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 214/21 پیر اشرف رسول کی ہے لیکن وزیر بلدیات کی عدم موجودگی کی وجہ سے اسے بھی pending کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 319/21 چودھری افتخار حسین چھچھر کی مواصلات سے متعلقہ ہے لیکن وزیر مواصلات کی عدم موجودگی کی وجہ سے اسے بھی pending کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار نمبر 321/21 بھی چودھری افتخار حسین چھچھر کی محکمہ داخلہ سے متعلقہ ہے۔ جی، راجہ صاحب!

## حکومت پنجاب کی جانب سے ٹریفک چالانوں کی مد میں ہوشربا اضافہ سے غریب عوام کو پریشانی کا سامنا (۔۔۔جاری)

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! شکریہ۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن سے متعلقہ ہے کیونکہ معزز ممبر نے اپنی تحریک التوائے کار میں چالان کے شیڈول کی بات کی تھی جسے بڑھایا جا رہا ہے چونکہ پولیس چالان کرتی ہے اس لئے ہمیں refer ہو گئی تھی۔ اس حوالے سے میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ابھی ہماری جو recent Cabinet meeting ہوئی تھی اس میں چالان کے نئے شیڈول کی approval دے دی گئی ہے تو میں معزز ممبر سے یہ گزارش کروں گا کہ جو revise schedule Cabinet نے منظور کیا ہے اسے ذرا دیکھ لیں اور اگر اس سے مطمئن ہیں تو ٹھیک ہے وگرنہ ایک نئی تحریک التوائے کار لے آئیں یا پھر amended Bill لے آئیں تاکہ ان کے concerns کا

ازالہ کیا جا سکے۔ محکمہ نے جو شیڈول دیا ہے اس کی ہماری Cabinet meeting میں approval ہو گئی ہے تو میری معزز ممبر سے گزارش ہو گی کہ وہ ذرا شیڈول دیکھ لیں۔

**جناب چیئرمین:** جی، جواب آگیا ہے تو اسے dispose of کرتے ہیں۔

**چودھری افتخار حسین چھچھر:** جناب چیئرمین! میں اس شیڈول کو دیکھ لیتا ہوں اور امید ہے کہ اس حوالے سے مزید کوئی ضرورت پیش نہیں آئے گی کیونکہ راجہ صاحب بھی محسوس کرتے ہیں کہ آج کل حالات نہیں ہیں تو اگر کوئی مزید معاملہ ہوا تو پھر میں دوبارہ تحریک التوائے کار پیش کر دوں گا۔ شکریہ، راجہ صاحب!

**جناب چیئرمین:** اگلی تحریک التوائے کار نمبر 21/324 ملک ندیم کامران صاحب کی طرف سے move ہو چکی ہے جس کا جواب لاء منسٹر صاحب نے دینا ہے۔ جی، راجہ صاحب!

## ساہیوال شہر میں ڈکیتی کی وارداتوں میں روز بروز اضافہ (۔۔۔جاری)

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** (جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئرمین! شکریہ، معزز ممبر اس وقت تشریف نہیں رکھتے لیکن انہوں نے ساہیوال میں لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے بات کی ہے اور کچھ cases کو انہوں نے یہاں highlight کیا تھا کہ وہاں پر لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے فلاں فلاں ڈکیتیاں اور چوریاں سرزد ہوئیں۔ اس حوالے سے میں نے ساری تفصیل دے دی ہے کہ جو جو واقعہ ہوا ہے اس پر پولیس نے پرچہ بھی درج کیا ہے اور ملزمان کو گرفتار بھی کیا ہے اور recoveries بھی کی ہیں۔ اگر آپ اجازت فرمائیں گے تو میں اس کی کاپی معزز ممبر کو دے دوں گا۔ اگر ان کے grievances address ہو جاتے ہیں تو ٹھیک ہیں نہیں تو جو ان کے خدشات ہوں گے اس کے مطابق مزید انشاءاللہ تعالیٰ کارروائی کروں گا۔ شکریہ

**جناب چیئرمین:** جی، ٹھیک ہے اس کا جواب آگیا ہے تو اسے dispose of کرتے ہیں۔ اگلی تحریک التوائے کار 21/326 جناب طاہر پرویز کی pending ہے جو کہ میاں محمود الرشید کے محکمہ سے متعلقہ ہے تو منسٹر صاحب کی عدم موجودگی کی وجہ سے اسے pending کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار 21/328 چودھری مظہر اقبال کی لاء منسٹر سے متعلق ہے۔ جی، راجہ صاحب!

## ہارون آباد شہر میں ڈکیتی
## کی وارداتوں میں روز بروز اضافہ (۔۔۔جاری)

**وزیر قانون و پارلیمانی امور / امداد باہمی** ( جناب محمد بشارت راجہ): جناب چیئر مین! شکریہ۔ ضلع ہذا کے تھانہ سٹی ہارون آباد میں مورخہ 29۔اگست 2021 کو مسمی انصر علی ولد افضل قوم راجپوت سکنہ بلدیہ کالونی ہارون آباد نے تحریری درخواست تھانہ میں پیش کی کہ چار کس نامعلوم مرد وخواتین ملزمان" سیف اور الماریوں" کے تالے توڑ کر سامان طلائی اور نقدی کل مالیتی 10 لاکھ روپے لے جانے کے بعد الماریوں کو آگ لگا کر چلے گئے۔ اس پر پولیس نے باقاعدہ پرچہ بھی درج کیا اور اس کے بعد پولیس نے گرفتاریاں بھی کیں۔ مدعیاں نے باقاعدہ بیان حلفی دیا ہے کہ جن لوگوں کو پولیس نے گرفتار کیا ہے یہ ان کے متعلقہ نہیں ہیں اور یہ ان کے چور نہیں ہیں جس کے بعد انہیں چھوڑ دیا گیا ہے اور ان کا معاملہ طے ہو گیا ہے۔

جناب چیئر مین! انہوں نے یہاں 5۔اگست 2021 کو ایک دوسرے واقعہ کے متعلقہ نشان دہی کی تو اس حوالے سے گزارش کروں گا کہ ملزمان کو گرفتار کیا گیا اور ان کی شناخت پریڈ کروائی گئی۔ اس کی برآمدگی بھی کی گئی اور ملزمان کو گرفتار بھی کیا گیا جبکہ اس مقدمہ کا چالان بھی پیش ہو چکا ہے۔ تیسرے واقعہ میں انہوں نے 8۔اگست 2021 کے حوالے سے نشاندہی کی تھی جس میں ایف آئی آر بھی درج ہوئی ہے، ملزمان کی شناخت بھی ہوئی ہے اور گرفتار بھی ہوئے ہیں جن کا باقاعدہ جسمانی ریمانڈ لیا گیا ہے۔ برآمدگی مال مسروقہ کے بعد ان کا چالان مکمل کر کے عدالت میں انشاءاللہ تعالیٰ پیش کیا جائے گا۔

**جناب چیئر مین:** جی، ٹھیک ہے اسے dispose of کیا جاتا ہے۔ اگلی تحریک التوائے کار جناب محمد معظم شیر کی طرف سے پیش ہو چکی ہے جس کے جواب کے لئے متعلقہ منسٹر صاحب نہیں ہیں تو اسے pending کرتے ہیں۔

The House is adjourned to meet on Tuesday 21st December 2021 at 1:00 p.m.